★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Web: www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 30 رجب المرجب 1446ھ، 31 جنوری 2025ء، 18 ماگھ 2081ء | 16 صفحات 8 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 102

فورسز کا شمالی وزیرستان میں آپریشن 6 خوارج ہلاک، میجر اور سپاہی شہید

سیکیورٹی فورسز نے 29 اور 30 جنوری کی درمیانی شب شمالی وزیرستان کے ضلع میرعلی میں خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر آپریشن کیا، پاک فوج کے جوانوں نے مؤثر طریقے سے کارروائی کی جس دوران 6 خوارج ہلاک ہوگئے

آپریشن کے دوران میجر حمزہ اسرار اور سپاہی محمد نعیم شہید ہوگئے فورسز پاکستان سے دہشت گردی کی لعنت کو ختم کرنے کیلئے پرعزم ہیں، ہمارے بہادر سپاہیوں کی قربانیاں ہمارے عزم کو مزید مضبوط بناتی ہیں، آئی ایس پی آر



اسلام آباد، میجر حمزہ سید سپوت وطن کی غائبانہ نماز جنازہ ادا کی جارہی ہے

راولپنڈی (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان کے ضلع میرعلی میں انٹیلی جنس پر مبنی آپریشن کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں 6 خوارج کو ہلاک کردیا، کارروائی کے دوران میجر حمزہ اسرار اور سپاہی محمد نعیم شہید ہوگئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے 29 اور 30 جنوری کی درمیانی شب شمالی وزیرستان کے ضلع میرعلی میں خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر آپریشن کیا۔ آپریشن کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

وزیراعظم شہباز شریف سے محسن نقوی کی ملاقات، اہم امور پر تبادلہ خیال

وزیراعظم کو اپنے حالیہ دورہ امریکا امریکی حکام، کاروباری برادری سے ملاقاتوں بارے آگاہ کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر داخلہ و چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ سید محسن رضا نقوی نے ملاقات کی جس میں اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ محسن نقوی نے وزیراعظم کو اپنے حالیہ دورہ امریکا کے دوران امریکی حکام، کاروباری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

وزیراعظم کی وزیر داخلہ محسن نقوی کے والد کی نماز جنازہ میں شرکت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے وزیر داخلہ محسن نقوی کے والد کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔ وزیراعظم نے نماز جنازہ میں شرکت کیلئے لاہور کا دورہ کیا۔ وزیراعظم کے ہمراہ وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ، وزیر مملکت برائے خزانہ علی پرویز ملک، وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری، وزیر مملکت برائے خارجہ امور ڈاکٹر عائشہ رفیق، وزیر مملکت برائے اطلاعات عظمیٰ بخاری، وزیر مملکت برائے توانائی مصدق ملک، وزیر مملکت برائے ہاؤسنگ و تعمیرات طارق بشیر چیمہ، وزیر مملکت برائے ریلوے غلام احمد بلور، وزیر مملکت برائے پٹرولیم مصدق ملک، وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری، وزیر مملکت برائے نجکاری فرخ حبیب، وزیر مملکت برائے اوورسیز پاکستانیز عبدالرحمان کانجو، وزیر مملکت برائے انسانی حقوق سمیرا ملک، وزیر مملکت برائے ہیومن ریسورس ڈویلپمنٹ وجیہہ قمر، وزیر مملکت برائے بین الصوبائی رابطہ عامر ڈوگر، وزیر مملکت برائے ماحولیاتی تبدیلی زنیرہ بتول، وزیر مملکت برائے ہیومن رائٹس سیدہ شفقت بخاری، وزیر مملکت برائے ہیلتھ سروسز ڈاکٹر سائرہ بانو

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

خواتین کی گلوبل ڈویلپمنٹ اینڈ پراسپیرٹی کے اقدام کو اگلے پانچ برسوں کیلئے جاری رکھا جائے

ویمن انٹرپرینیورز کی لیڈر روبینہ امجد کی ڈونلڈ ٹرمپ سے اپیل

لاہور (کامرس رپورٹر) خواتین کی عالمی ترقی اور خوشحالی کا اقدام کو اگلے پانچ برسوں کیلئے جاری رکھا جائے۔ یہ اپیل خواتین کی ممتاز کاروباری رہنما اور ویمن انٹرپرینیورز کی لیڈر روبینہ امجد نے ڈونلڈ ٹرمپ سے کی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ڈبلیو۔ جی۔ ڈی۔ پی اقدام کا آغاز صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے پہلے دور حکومت میں ہوا تھا جس کا مقصد عالمی سطح پر خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانا تھا اور یہ پروگرام تین ستونوں پر استوار تھا۔ اول افراد کی قوت میں خواتین کی خوشحالی، دوم کاروبار کیلئے خواتین کی تربیت اور سوئم خواتین کی کاروبار میں شمولیت۔ انہوں نے بتایا کہ ڈبلیو۔ جی۔ ڈی۔ پی اقدام امریکی حکومت کی عالمی ترقیاتی سرگرمیوں کا حصہ ہے جو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے اصول پر اوپن ایڈ کے زیر انتظام ایک ایسے، اختراعی فنڈ کے ذریعے 2025 میں ختم ہونے والا ہے۔ اس پروگرام کیلئے مختلف فنڈ کی مدد سے ترقی پذیر دنیا میں تقریباً 50 ملین خواتین کو فائدہ پہنچ چکا ہے، پاکستان میں بھی کے پی، بلوچستان، سندھ اور پنجاب کے ہزاروں خواتین کو اس پروگرام کے تحت کاروباری اور تکنیکی مہارتیں حاصل ہوچکی ہیں۔ وائٹ ہاؤس کی زیر قیادت ڈبلیو۔ جی۔ ڈی پی ورکنگ گروپ ایوانکا ٹرمپ کے پہلی دور میں امریکی انتظامیہ پر مشتمل ہے جو عالمی سطح پر عورتوں کی معاشی خودمختاری کو فروغ دینے کیلئے ملکر کام کررہی ہیں۔ محترمہ روبینہ امجد نے USAID پر بھی زور دیا کہ وہ مرکوزہ اقدام کو 2025 سے آگے توسیع دینے کے حوالے سے پاکستانی بزنس ویمن کو اپیل صدر ٹرمپ تک پہنچائیں اور W-GDP اقدام کو بہتر بین محکمہ استعمال کے لیے مقامی ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نمائندوں پر مشتمل ایک ورکنگ گروپ تشکیل دیں تاکہ پاکستان میں مرکوزہ اقدام سے بہتر طور پر استفادہ کیا جاسکے۔



نیشنل کالج آف آرٹس میں 54ویں بورڈ آف گورنرس کے اجلاس کی صدارت وفاقی وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کررہے ہیں جبکہ اس موقع پر وی سی پروفیسر ڈاکٹر خالد مرتضیٰ جعفری بھی موجود ہیں

نیشنل کالج آف آرٹس میں 54ویں بورڈ آف گورنرس کا اجلاس منعقد صدارت وفاقی وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کیا

اجلاس میں این سی اے کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر مرتضیٰ جعفری نے کالج کے مختلف امور پر تفصیلی بریفنگ دی

اجلاس کے بعد بورڈ آف گورنس کے ممبران نے کالج کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا

لاہور (خبر نگار) نیشنل کالج آف آرٹس (NCA) میں 54ویں بورڈ آف گورنرس کا اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت وفاقی وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کی۔ اجلاس میں بورڈ ممبران سینیٹر فیصل جاوید خان، اور انتظامی افسران نے شرکت کی، جہاں ادارے کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا اور مستقبل کی حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کے دوران این سی اے کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر مرتضیٰ جعفری نے کالج کے مختلف امور پر تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے پچھلے اجلاس میں کیے گئے فیصلوں پر عملدرآمد کی صورتحال اور مختلف تعلیمی و انتظامی شعبوں میں ہونے والی پیش رفت پر روشنی ڈالی۔ بریفنگ میں جاری منصوبے، درپیش چیلنجز اور ادارے کی بہتری کے لیے کیے جانے والے اقدامات شامل تھے۔ اس میٹنگ میں وائس چانسلر این سے پروفیسر ڈاکٹر مرتضیٰ جعفری، کامران اشاری، پروفیسر ڈاکٹر شاہد منظور، پروفیسر سجاد کوثر ڈاکٹر اصغر عبدہ سید، سید نوید حسین شاہ، پروفیسر ڈاکٹر محمد علی جناب بورڈ یونیورسٹی وی سی پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر مجاہد کامران پروفیسر ڈاکٹر سید منصور سرور اور پروفیسر ڈاکٹر نوید احمد نے شرکت کی، اجلاس میں این سی اے کے تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانے، انفرا سٹرکچر کو جدید خطوط پر استوار کرنے، اور ادارے کے طویل مدتی ترقی کے لیے اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ ممبران نے کالج کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اساتذہ اور انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے این سی اے کو پاکستان کے نمایاں آرٹ اور ڈیزائن کے ادارے کے طور پر برقرار رکھنے کے لیے مزید اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ ممبران نے پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی (پی آئی سی) کے دورے کے دوران ادارے کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ممبران نے پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی (پی آئی سی) کے دورے کے دوران ادارے کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ممبران نے پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی (پی آئی سی) کے دورے کے دوران ادارے کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔



جہاں انہوں نے طلبہ سرگرمیوں کا مشاہدہ کیا اور طلبہ سے ملاقات کی۔ انہوں نے طلبہ کو ان کی تعلیمی و تخلیقی سرگرمیوں میں مزید محنت جاری رکھنے کی جنجلبخیر اور مواقع پر سپوزیم کا کامیاب انعقاد اور این سی اے نے پاکستان کے پہلے آرٹ اور ڈیزائن ایجوکیشن جرنل JADEP کے اجرا پر مبارکباد دی۔ اجلاس کے بعد بورڈ آف گورنس کے ممبران نے کالج کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا، ترتیب دی اور انہیں تعیین دلایا کہ ادارہ انہیں بہترین تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ 54ویں بورڈ آف گورنس اجلاس کے اختتام پر این سی اے کے تعلیمی اور انفرا سٹرکچر کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:20
فجر	6:10
ظہر	1:30
عصر	4:15
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:00

فقیہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 بجے، مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

محکمہ سکولز ایجوکیشن پنجاب اور ادارہ تعلیم و آگہی کی باہمی شراکت داری سے سلور جوبلی کی سالگرہ کی تقریبات کے سلسلے میں بچوں کی 12 نئی کتابوں کا اجراء کیا گیا



لاہور (خبر نگار) محکمہ سکولز ایجوکیشن پنجاب اور ادارہ تعلیم و آگہی کی باہمی شراکت داری سے سلور جوبلی کی سالگرہ کی تقریبات کے سلسلے میں بچوں کی 12 نئی کتابوں کا اجراء کیا گیا جس کی مہمان خصوصی صوبائی وزیر اطلاعات و نشریات عظمیٰ بخاری تھیں۔ مہمان گرامی میں سیکرٹری سکولز ایجوکیشن پنجاب خالد نذیر وڑائچ، پارلیمانی سیکرٹری برائے سکولز ایجوکیشن پنجاب عدنان، ڈی جی پاک بینظیر بیننگ اتھارٹی فاطمہ ساقی، چیف منسٹر کے فوکل پرسن شکیل احمد بھٹی، ڈی جی اوپن ایجوکیشن سعید اسلم، ایگزیکٹو ڈائریکٹر پبلک سیکٹر فار پبلک پالیسی اینڈ گورننس پالیسی اونچ یونیورسٹی سعید شفقت سمیت اہم شخصیات نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر برائے اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کتاب گاڑی کی سرگرمیوں میں بچوں کے ساتھ مشغول ہوتے ہوئے کہا کہ بچوں کے لیے اسی کتابیں اجراء ہمارے معاشرے کی ترقی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ پنجاب حکومت کی شبت پالیسیوں کا سہرا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے سر جاتا ہے جو بچوں کی تعلیم کے لیے دن رات سرگرم ہیں۔

پی ٹی آئی کے زیر اہتمام مئی مارکس فورس اور ایف سکیل کے تعاون سے این ایف ہیڈ کوارٹرز میں فل

افغانستان پورٹ اور ہیومن ریسورس مینجمنٹ افغانستان سسٹم کے نفاذ کے حوالے سے ٹریننگ سیشن کا اہتمام

لاہور (خبر ذائل) پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے زیر اہتمام انٹی نارکوٹکس فورس اور ایف سکیل کے تعاون سے ایف ایف ہیڈ کوارٹرز میں فل انفارمیشن رپورٹ اور ہیومن ریسورس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کے نفاذ کے حوالے سے تربیتی سیشن کا اہتمام کیا گیا۔ پی ٹی آئی پی سینئر مینیجر مہر احسن حمزہ کے ہمراہ شرکاء کو سسٹم کی آپریشن کی کارکردگی اور دیگر امور کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا گیا۔ سیشن میں ایف ایف ہیڈ جوائنٹ ڈائریکٹر رائے راشد نے ایف ایف کے ڈائریکٹر جنرل میجر جنرل محمد ہارون اسلم کی ہدایات پر سسٹم کے نفاذ کے حوالے سے ایک تفصیلی بریفنگ دی۔ سیشن میں ایف ایف ہیڈ کوارٹرز کے 30 افسران نے شرکت کی۔ سیشن کے اختتام پر سوالات و جوابات کا سلسلہ ہوا۔ اس ایف ایف اور ایف سکیل کے سینئر آفیسرز نے سسٹم کے نفاذ اور ٹریننگ کے حوالے سے پی ٹی آئی پی کی تعاون کو سراہا۔ اس حوالے سے چیئرمین پی ٹی آئی فی بورڈ کا کہنا تھا کہ ایسے تربیتی سیشنز اہم سنگ میل ثابت ہوں گے

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 31 جنوری 2025ء

گوجرانوالہ، گجرات، سیالکوٹ اور حافظ آباد اہم ترین شہر ہیں

کمشنر سید نوید حیدر شیرازی

غیر قانونی طریقے سے بیرون ملک جانے کا رجحان بھی ہے جس کے خاتمہ کیلئے حکومت پاکستان اور وفاقی ادارے اپنے کردار ادا کر رہے ہیں



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) کمشنر سید نوید حیدر شیرازی سے امریکی کونسل جنرل مس کرسٹین کے ہاکنز (Kristin K.M r . Hawkins.) نے ملاقات کی، آر پی او گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ، ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد بھی اس موقع پر موجود تھے۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ گوجرانوالہ، گجرات، سیالکوٹ اور حافظ آباد صنعتی لحاظ سے ملک کے اہم ترین شہر ہیں اور کوالٹی پراڈکٹس کیوجہ سے انہیں گولڈن ٹرائینگل قرار دیا جاتا ہے، یہاں تیار ہونیوالی پراڈکٹس بشمول لائٹ انجینئرنگ، سپورٹس، ٹیکسٹائل، پاڑی، کٹلری مصنوعات دنیا بھر میں ایکسپورٹ کی جاتی ہیں نیز زرعی پیداوار میں بھی گوجرانوالہ ڈویژن کا نمایاں حصہ ہے۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے بتایا کہ وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے وژن کے مطابق گوجرانوالہ ڈویژن میں ستھرا پنجاب پروگرام، کسان کارڈ، لائیو سٹاک کارڈ، اپنی چھت اپنا گھر، نوجوانوں کیلئے قرض سکیم سمیت 32 کے پی آئیز ہیں جن کی ہفتہ وار رینکنگ کی جاتی ہے اور گوجرانوالہ ڈویژن کے اضلاع نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں، اسی طرح تعلیم، صحت، انفراسٹرکچر کی بہتری کیلئے 993 ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے۔ کمشنر نے بتایا کہ گوجرانوالہ ڈویژن سے بڑی تعداد میں شہری روزگار کے سلسلہ میں بیرون ممالک مقیم ہیں اور یہ اوورسیز پاکستانی ترسیلات زر کے ذریعے معیشت کی مضبوطی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں تاہم غیر قانونی طریقے سے بیرون ملک جانے کا رجحان بھی ہے جس کے خاتمہ کیلئے حکومت پاکستان اور وفاقی ادارے اپنے کردار ادا کر رہے ہیں۔

پاک فوج کے بہادر بیٹے ملک وقوم کی حفاظت کرتے شہید ہو رہے ہیں، عدنان شاہ

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں قوم بہادر افواج پاکستان کیساتھ کھڑی ہے



سیالکوٹ (بیورو چیف) پاک فوج کے بہادر بیٹے ملک وقوم کی حفاظت کرتے شہید ہو رہے ہیں، عدنان شاہ۔ دہشتگردی کیخلاف جنگ میں قوم بہادر افواج پاکستان کیساتھ کھڑی ہے۔ آئے روز ملک وقوم کے دشمن دہشتگر عناصر کے ساتھ مسلح جھڑپوں کے دوران جہاں ملک دشمن دہشتگرد جہنم واصل ہو رہے ہیں وہیں ارض پاک کے بہادر محافظ بیٹے بھی شہید ہو رہے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار معروف سماجی شخصیت نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ملک وقوم کی حفاظت کرتے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پاکستانی بیٹے ملک وقوم کے ماتھے کا جھومر اور ہمارا فخر ہیں جن پر ہمیں ناز ہے۔ ہم ملک میں کہیں بھی دہشتگردی کی کاروائیوں کی بھرپور مذمت کرتے ہیں اور قوم اپنی بہادر افواج پاکستان کیساتھ کھڑی ہے جن کی شہادتوں سے ملک وقوم کی بقاء ہے۔

پروموشن ٹریننگ کورس کے 39 افسران کی ننکانہ صاحب آمد

ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے کورس کے سلسلہ میں آنے والے افسران کو ضلع ننکانہ بارے بریفنگ دی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) پروموشن ٹریننگ کورس کے 39 افسران کی ننکانہ صاحب آمد، ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو و دیگر ضلعی افسران نے ننکانہ صاحب آمد پر افسران کا استقبال کیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے کورس کے سلسلہ میں آنے والے افسران کو ضلع ننکانہ بارے بریفنگ دی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز اور ضلعی افسران بھی بریفنگ میں موجود تھے۔ افسران نے گوردوارہ جنم استھان کا دورہ کیا اور شجرکاری مہم کے تحت ڈی سی لان میں پودے بھی لگائے۔ ڈپٹی کمشنر نے پروموشن ٹریننگ افسران کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع ننکانہ صاحب میں تمام مذاہب کے لوگ مل جل کر بہن بھائیوں کی طرح زندگی بسر کر رہے ہیں، بابا گورونانک کے جنم استھان کی بدولت ننکانہ صاحب کو انٹرنیشنل سٹی کا درجہ حاصل ہے، دنیا بھر سے ہر سال ہزاروں سکھ یاتری ننکانہ صاحب کا وزٹ کرتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ نے بریفنگ میں بتایا کہ ضلع میں 23 بلین سے زائد کی لاگت سے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق ضلع میں 54 سرکاری سکولوں کو سولر انرجی پر منتقل کیا۔ انہوں نے بتایا کہ تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری ہے۔

چوہدری حفیظ چدھڑ تھانہ شاہمہو رچوکی انچارج تعینات

سول سوسائٹی نے چوکی پہنچنے پہ شاندار استقبال کیا

گکھڑ (نامہ نگار) چوہدری حفیظ چدھڑ تھانہ شاہمہو رچوکی انچارج تعینات سول سوسائٹی نے چوکی پہنچنے پہ شاندار استقبال کیا اس موقع پہ معروف کاروباری شخصیت فرید خاں بلوچ صدر ٹرانسپورٹ حاجی امیر کالے خاں بلوچ شاہد مدھول کے علاوہ کثیر تعداد میں معززین نے بر جوش استقبال کیا چوہدری حفیظ چدھڑ نے معززین کا شکریہ ادا کرتے ہوے کہا وہ ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت اور ایس ایچ او شاہبور سلیم سکھیرا کی سربراہی میں کراہم کی روک تھام اور امن قائم کرنے کے لیے کوشاں رہیں گے معززین نے پھولوں کی پتیاں نچھاور کی اور پھولوں کے مالا پہنائے چیرمین ملک نیاز جھگڑ نے بھی پھولوں کا گلدستہ پیش کیا

ضلع بھر کے سرکاری ملازمین کا پنشن رولز میں تبدیلی کے خلاف سڑکوں پر آکر احتجاجی دھرنا اور احتجاج

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ضلع بھر کے سرکاری ملازمین، اساتذہ اور معلمات کا پنشن رولز میں تبدیلی اور لیو انکیشمنٹ ختم کیے جانے کے خلاف سڑکوں



پر آکر احتجاجی دھرنا اور احتجاج۔ جبکہ ریلی کی قیادت پروفیسر جواد آصف پیپلا ڈوشل جنرل سیکرٹری گجرات اور ریاض احمد تارڑ چیمبر مین متحدہ محاذ اساتذہ ضلع حافظ آباد نے کی جس میں قائدین اور سرکاری ملازمین نے مطالبہ کیا کہ سرکاری تعلیمی اداروں کی پرائیویٹ این جی اوز کی حوالگی جیسے تعلیم وطلباء دشمن اقدام سے گریز کیا جائے پنشن رولز میں ترمیم اور لیو انکیشمنٹ کے نوٹیفیکیشن کو فوری واپس لیا جائے رول 17 اے کو بحال کیا جائے ایس ایس ایز اور اے ای اوز کی غیر مشروط مستقل کیا جائے جبکہ شرکاء کی طرف سے مطالبہ کیا گیا کہ ہاؤس رینٹ میڈیکل و کنوینس الاؤنس کی مروجہ پے سکیل کے مطابق فی الفور اضافہ کیا جائے۔ ریلی میں میڈم شازیہ لیڈی ہیلتھ ورکرز، فرمان کمبوہ محکمہ جنگلات، فیصل عباس لیپہ کا کی نمائندگی کی، جبکہ ینگ ٹیچرز ایسوسی ایشن سے حسنین علی وقاص، پی ایم اے کے سرپرست ڈاکٹر عابد حسین بھٹی، صدر ڈاکٹر فاروق مغل، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر شعیب اکبر، امیڈم فائزہ رعنا اور رانا لیاقت علی کی طرف سے 10 فروری کو اسلام آباد میں بھی احتجاج کی کال پر لبیک کہتے ہوئے شرکت کو یقینی بنانے کی اپیل کی۔

اسسٹنٹ ڈائریکٹر سول ڈیفنس لاہور ریجن کا دورہ سیالکوٹ



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) حافظ زکریا اقبال کے ہمراہ مختلف مقامات وزٹ کے بعد اظہار اطمینان۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر سول ڈیفنس لاہور ریجن سکندر بخاری نے سیالکوٹ کا اہم دورہ کیا۔ اس موقع پر تنظیم شہری دفاع ضلعی ہیڈ کوارٹر سیالکوٹ میں اسپیکلنگ آفیسر سول ڈیفنس حافظ زکریا اقبال نے آفس عملہ کے ہمراہ ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس دوران ضلعی ہیڈ کوارٹر کے مختلف حصوں کے وزٹ کے دوران ضبط شدہ غیر قانونی ریفلنگ میں استعمال ہونے والے سینکڑوں پیٹرول ڈسپنسرز و مشینری دیکھ کر اسسٹنٹ ڈائریکٹر سول ڈیفنس لاہور ریجن نے انسپیکٹر سول ڈیفنس سیالکوٹ حافظ محمد زکریا اقبال و ساتھی عملہ کی عملی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ حکومت پنجاب کی ہدایات پر عمل پیرا سول ڈیفنس سیالکوٹ نے دیگر اضلاع کی نسبتاً غیر قانونی پیٹرول وایل پی جی کی ریفلنگ میں ملوث افراد کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن کیا۔ اس دوران انہوں نے انسپیکلنگ آفیسر سول ڈیفنس سیالکوٹ کے ہمراہ بزنس سنٹر سیالکوٹ و دیگر مقامات کا دورہ کیا اور سول ڈیفنس سیالکوٹ کی کارکردگی بارے بھی استفسار کیا

سیالکوٹ کے اسپتالوں کی مجموعی صورتحال و کارکردگی بارے میٹنگ ہوئی

ڈاکٹر احمد ناصر نے CEO ہیلتھ سیالکوٹ ڈاکٹر اسلم چوہدری کو بریفنگ دی



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ سیالکوٹ ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری و ڈسٹرکٹ آفیسر ہیلتھ میڈیکل سروسز سیالکوٹ ڈاکٹر احمد ناصر کے درمیان ضلع سیالکوٹ کے ڈی ایچ کیو و ٹی ایچ کیو کی سہولیات اور ڈیوٹی ڈاکٹرز کی موجودگی یقینی بنانے کیساتھ اسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت کی ری ویمپنگ کے عمل کی مسلسل نگرانی کی جائے اس ضمن میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر انہوں نے سابقہ ای او ہیلتھ سیالکوٹ ڈاکٹر احمد ناصر کی بہترین کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ مجھے اپنی مجموعی ٹیم پر فخر ہے جنہوں نے پولیو و ایلیمینیشن ہو یا ڈینگی مہم ہمیشہ بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے کامیاب بنایا۔

معزز چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ مس عالیہ نیلم کی ننکانہ صاحب میں جوڈیشل کمپلیکس کا افتتاح کر دیا گیا

، ڈسٹرکٹ ننکانہ صاحب

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) معزز چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ مس عالیہ نیلم کی ننکانہ صاحب آمد، ڈسٹرکٹ ننکانہ صاحب میں جوڈیشل کمپلیکس کا افتتاح کر دیا گیا۔ معزز چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع ننکانہ صاحب میں اسٹیٹ آف دی آرٹ جوڈیشل کمپلیکس تعمیر کیا گیا ہے، 42 ایکڑ محیط رقبے پر جوڈیشل کمپلیکس تعمیر کیا گیا ہے، جوڈیشل کمپلیکس پر 1624 ملین لاگت آئی ہے۔ معزز چیف جسٹس مس عالیہ نیلم، جسٹس محمد وحید خان سمیت دیگر نے جوڈیشل کمپلیکس کے لان میں پودے بھی لگائے۔ سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) حافظ زکریا اقبال کے ہمراہ مختلف مقامات وزٹ کے بعد اظہار اطمینان۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر سول ڈیفنس لاہور ریجن سکندر بخاری نے سیالکوٹ کا اہم دورہ کیا۔ اس موقع پر تنظیم شہری دفاع ضلعی ہیڈ کوارٹر سیالکوٹ میں اسپیکلنگ آفیسر سول ڈیفنس حافظ زکریا اقبال نے آفس عملہ کے ہمراہ ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس دوران ضلعی ہیڈ کوارٹر کے مختلف حصوں کے وزٹ کے دوران ضبط شدہ غیر قانونی ریفلنگ میں استعمال ہونے والے سینکڑوں پیٹرول ڈسپنسرز و مشینری دیکھ کر اسسٹنٹ ڈائریکٹر سول ڈیفنس لاہور ریجن نے انسپیکٹر سول ڈیفنس سیالکوٹ حافظ محمد زکریا اقبال و ساتھی عملہ کی عملی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ حکومت پنجاب کی ہدایات پر عمل پیرا سول ڈیفنس سیالکوٹ نے دیگر اضلاع کی نسبتاً غیر قانونی پیٹرول وایل پی جی کی ریفلنگ میں ملوث افراد کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن کیا۔ اس دوران انہوں نے انسپیکلنگ آفیسر سول ڈیفنس لاہور ریجن کے ہمراہ بزنس سنٹر سیالکوٹ و دیگر مقامات کا دورہ کیا اور سول ڈیفنس سیالکوٹ کی کارکردگی بارے بھی استفسار کیا

ڈپٹی کمشنر کے مختلف دکانوں پر چھاپے 711 کلو ممنوعہ پولی تھین ضبط

گریس پیریڈ گذر چکا ہے اور اب خلاف ورزی پر قانونی کے مطابق کارروائی کی جائے گی



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر ڈپٹی ڈائریکٹر تحفظ ماحولیات ڈاکٹر محمد اویس کے زیر سربراہی ٹیموں کا سمبڑیال مین مارکیٹ کی مختلف دکانوں پر اچانک چھاپے مار کر 711 کلو گرام وزنی ممنوعہ پولی تھین بیگز کو ضبط کر لیا اور 75 مائیکرون موٹائی سے کم شاپنگ بیگ کے استعمال پر متعدد دکانداروں مجموعی طور پر 45 ہزار روپے جرمانہ کیا انسپکٹرز ماحولیات شاہد علی ڈوگر اور احمد یار نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے ممنوعہ شاپنگ بیگز کی تیاری، فروخت اور استعمال کرنے پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گریس پیریڈ گذر چکا ہے اور اب خلاف ورزی پر قانونی کے مطابق کارروائی کی جائے گی

اوورسیز پاکستانیوں کے وفد نے سابق وفاقی وزیر ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان سے ان کے سیاسی دفتر میں ملاقات کی



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) اوورسیز پاکستانیوں کے وفد نے سابق وفاقی وزیر ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان سے ان کے سیاسی دفتر میں ملاقات کی اور اوورسیز پاکستانیوں کے حوالے سے دوطرفہ امور پر تبادلہ خیال کیا تفصیلات کے مطابق اوورسیز پاکستانیوں کے وفد میں چوہدری محمد آصف آف ڈنمارک چوہدری راشد محمود آف انگلینڈ معروف سینئر صحافی ظفر عباس انجمن تاجران رحمت الٰہی بازار کے صدر چوہدری عامر وحید پولٹری ایسوسی ایشن کے صدر ملک عابد چوہدری سہیل طارق ملک برہان عابد شامل تھے اس موقع پر سابق وفاقی وزیر ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان کا کہنا تھا کہ اوورسیز پاکستانی ملکی ترقی وخوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں اوورسیز پاکستانیوں نے اپنے ملک کو مسائل کی دلدل سے نکالنے کے لئے ہر ممکنہ کوششیں کی ہیں جس کی وجہ سے پاکستان میں رہنے والے افراد اپنے اوورسیز بھائیوں کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اس موقع پر ڈاکٹر فردوس نے اوورسیز پاکستانی وفد کے اعزاز میں عشائیہ بھی دیا۔

ناقص میٹیریل سے نئی تعمیر شدہ سیالکوٹ خادم علی روڈ بھیڈ پلی تا موڑ کی حالت مخدوش، حادثات معمول بن گئے

سیالکوٹ (بیورو چیف) مون سون بارشوں میں سیالکوٹ کے بعد بھیڈ پلی تا کوٹلی بہرام موڑ تک کروڑوں روپے لاگت سے نئی تعمیر شدہ روڈ میں انتہائی ناقص میٹیریل استعمال کیا گیا جس کیوجہ سے حالیہ مون سون بارشوں کے سبب یہ دو رویہ روڈ جگہ جگہ سے بیٹھ گئی اور سڑک کے بیچوں بیچ سیوریج لائینوں میں سڑک کے کچھ حصے گرنے سے حادثات معمول اور ٹریفک کا بہاؤ متاثر ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ مصروف ترین نئی تعمیر شدہ سڑکوں چرچ روڈ، لاری اڈہ، جموں روڈ سمیت اگوکی ون وے جی ٹی روڈ شیرٹن ہوٹل نول سٹاپ وکوٹلی بھٹہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے حالیہ بارشوں کے بعد ان کی مخدوش حالت کے باعث ٹریفک حادثات معمول بن چکے ہیں اور اکثر دفتری و کاروباری اوقات میں ٹریفک کی روانی جہاں شدید متاثر ہو رہی ہے وہیں ان سڑکوں پر گاڑیاں ٹوٹ پھوٹ کا شکار اور گزرنا سخت محال ہے مگر انتظامیہ کی اس جانب توجہ نہیں جس کی وجہ سے روز بروز سڑکوں پر 1 سے 2 فٹ تک کھڈے بن چکے ہیں جہاں پانی کھڑا ہونے کی وجہ سے اکثر گاڑیوں کے ڈرائیورز کو اچانک کھڈے میں گاڑی گرنے کیوجہ سے ذہنی کوفت کیساتھ مالی نقصانات اٹھانا پڑ رہے ہیں

پہلے 990 جبکہ۔ دوسرے مرحلے میں 638 افراد کو ہمت کارڈ جاری کئے ہیں: منشاءاللہ بٹ

محکمہ سوشل ویلفیئر میں تقریب سے ایم پی اے کی میڈیا سے گفتگو



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) پہلے 990 جبکہ۔ دوسرے مرحلے میں 638 افراد کو ہمت کارڈ جاری کئے ہیں اور سلسلہ بتدریج وسیع ہوتا جائے گا اور پالیسی کے مطابق ایسے معذور افراد کو کام کرنے سے قاصر ہے اس پروگرام سے مستفید ہونگے۔ محمد منشاء اللہ بٹ نے صفہ فاؤنڈیشن اور انور خواجہ انڈسٹریز کی جانب سے 39 معذور افراد میں وہیل چیئرز تقسیم کرنے کے عملہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر اور صفیہ فاؤنڈیشن دکھی انسانیت کی خدمت کیلئے کوشاں ہے

کارڈ وزیر اعلیٰ پنجاب کا سنہری کارنامہ ہے جس کی بدولت بے سہارا اور مجبور خلق خدا کی براہ راست داد رسی ممکن ہوئی ہے اور وہ اپنی ذمہ داریوں میں سرخرو ہوئی ہیں۔ یہ بات انہوں نے آج محکمہ سوشل ویلفیئر و بیت المال سیالکوٹ میں ہمت کارڈز کے دوسرے مرحلے کی تقسیم کے سلسلہ میں منعقدہ ایک پروقار اور سادہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر شریف گھمن، عدنان اکبر چودھری، اسماء احمد، چیئرپرسن صفیہ فاؤنڈیشن شمسہ کنول اور مس زینب بھی موجود تھیں۔ محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ ضلع سیالکوٹ میں پہلے مرحلے میں 990 اور اب دوسرے مرحلے میں 638 افراد کو ہمت کارڈ جاری کئے گئے ہیں اور سلسلہ بتدریج وسیع ہوتا جائے گا اور پالیسی کے مطابق ایسے معذور افراد کو کام کرنے سے قاصر ہے اس پروگرام سے مستفید ہونگے۔ محمد منشاء اللہ بٹ نے صفہ فاؤنڈیشن اور انور خواجہ انڈسٹریز کی جانب سے 39 معذور افراد میں وہیل چیئرز تقسیم کرنے کے عملہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر اور صفیہ فاؤنڈیشن دکھی انسانیت کی خدمت کیلئے کوشاں ہے

حضرت سیدنا امام بخاری ملت اسلامیہ کے عظیم محسن ہیں: اکبر نقشبندی

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) سنی اتحاد کونسل کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات الحاج مولانا محمد اکبر نقشبندی نے کہا ہے کہ حضرت سیدنا امام بخاری ملت اسلامیہ کے عظیم محسن ہیں جنہوں نے تشنگان علم کیلئے احادیث مبارکہ کا خزانہ جمع کیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈویژنل صدر الحاج سرفراز احمد تارڑ، پیر سید فدا حسین شاہ حافظ آبادی، صاحبزادہ محمد نعمان صدیقی، حافظ عدیل عارف، قاری رفیع الرحمان قادری، علامہ محمد عمر صدیقی، مولانا ضیاء المرتضیٰ چشتی، چوہدری عمر سلیم گجر، ڈاکٹر محمد احمد نورانی اور دیگر نے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ قرآن پاک کے بعد بخاری شریف انسانیت کی راہنمائی کیلئے سب سے بڑی کتاب ہے، لاکھوں احادیث مبارکہ جمع کر کے ہر زمانے کیلئے عہد نبوی کی بہاروں کو تروتازہ کر دیا، بخاری شریف میں حضور نبی کریم کی مبارک گفتگو کا خزانہ مسلمانوں تک پہنچانا امام بخاری کا عظیم کارنامہ ہے، حدیث پاک کا انکار قرآن و اسلام کے بنیادی اصولوں کا انکار ہے۔

پبلک ٹرانسپورٹ اور سکولز وین سے گیس سلنڈرز کو فوری ختم کیا جائے

جہلم (بیورو رپورٹ) پبلک ٹرانسپورٹ اور سکولز وین سے گیس سلنڈرز کو فوری ختم کیا جائے، آئے دن پبلک ٹرانسپورٹ کے حادثات گیس سلنڈر زکی وجہ ہو رہے ہیں، تفصیلات کے مطابق شہریوں نے سکولز اور پبلک ٹرانسپورٹ میں گیس سلنڈر زکی موجودگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آئے روز پبلک ٹرانسپورٹ میں گیس سلنڈر کی وجہ سے حادثات رونما ہو رہے ہیں جس کی وجہ سے جانی و مالی نقصان اور خطرناک حادثات کو ہونا متعلقہ محکموں کی غفلت ولا پرواہی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے مطالبہ ہے کہ پبلک ٹرانسپورٹ میں نصب گیس سلنڈر کے خلاف ٹھوس اقدامات کریں اور فوری طور پر سلنڈرز ہٹانے کا حکم جاری کیا جائے تاکہ لوگ جانی و مالی نقصان سے محفوظ رہیں

جی ٹی روڈ کالا گجراں کے قریب پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائی

جہلم (بیورو رپورٹ) جی ٹی روڈ کالا گجراں کے قریب پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائی۔ ناقص دودھ اور مضر صحت کھویا پلائی کرنے والی چار گاڑیاں پکڑ لیں تفصیلات کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی کے زمہ داران نے کارروائی کرتے ہوئے کالا گجراں کے مقام پر 1400 لیٹر ناقص پانی ملا دودھ اور دو من غیر معیاری کھویا برامد کر کے تلف کر دیا۔ ناقص دودھ پلائی کرنے والی چار گاڑیوں کے مالکان کو ایک لاکھ روپے جرمانہ بھی کیا گیا پنجاب فوڈ اتھارٹی کے زمہ داران نے جہلم شہر کے داخلی اور خارجی راستوں پر ناکہ بندی کر کے 24 ہزار لیٹر دودھ کو چیک کیا

نارنگ شہر اور گردونواح میں انٹرنیٹ سست روی کا مسئلہ شدت اختیار کر گیا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) نارنگ شہر اور گردونواح میں انٹرنیٹ سست روی کا مسئلہ شدت اختیار کر گیا موبائل نیٹ ورک کمپنیاں بھی فلاپ پی ٹی سی ایل بھی جواب دے گیا نیٹ کی دنیا سے جوے ہزاروں افراد متاثر کاروبار تباہ آن لائن اپلائی کرنے والے بھی شدید پریشان موبائل کمپنیاں صارفین سے کروڑوں روپے وصول کرتی ہیں لیکن سروس زیرو ہے سروس انتہائی سست ہونے کے باوجود بہتری کیلئے کوئی اقدامات نہیں کیے جا رہے ای کامرس طلباء صحافی برادری سمیت سرکاری و نجی ادارے بھی متاثرین میں شامل ہیں دنیا 5G استعمال کر رہی ہے لیکن نارنگ شہر اور گردونواح میں 2G بھی سہی کام نہیں کر رہا اہل علاقہ نے شدید احتجاج کرتے ہوئے پی ٹی اے حکام سمیت متعلقہ اداروں سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

چوہدری خرم خان ورک کا پریس کلب چونڈہ کے دفتر کی تعمیر کا اعلان

چونڈہ (نمائندہ خصوصی) تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز سپورٹس کمپلیکس چونڈہ کی افتتاحی تقریب کے دوران پریس کلب چونڈہ کے ممبران سرپرست اعلیٰ چوہدری عبدالرزاق، چیئرمین پریس کلب چونڈہ چوہدری ذوالفقار، آمین بٹ، کاشف علی، سید آل حیدر، مدثر راں، و دیگر ممبران نے ایم اے پی پی 48 چوہدری خرم خان ورک سے مطالبہ کیا کہ پریس کلب چونڈہ کا دفتر پبلک لائبریری چونڈہ کی بلڈنگ میں ایک ساتھ موجود ہے ہمارا مطالبہ ہے کہ



پریس کلب کے دفتر کی تعمیر علیحدہ سے کرائی جائے تاکہ ہم مثبت طریقے سے اپنی صحافتی زمہ داریاں نبھا سکیں جس پر چوہدری خرم خان نے دوران تقریر پریس کلب چوٹڈہ کے ممبران کا جائز مطالبہ مانتے ہوئے جلد ہی پریس کلب چونڈہ کے دفتر کی تعمیر کا اعلان کیا جس پر پریس کلب کے تمام ممبران و عہدیداران نے ان کا شکریہ ادا کیا احمد باجوہ، سنیئر وائس چیئرمین پروفیسر اویس خالد، وائس چیئرمین چوہدری سلیم انبالوی، جنرل سیکرٹری منیر حسین، سابق چیئرمین پریس چونڈہ زبیر احمد صدیقی، سابق جنرل سیکرٹری زکاءاللہ باجوہ، مرزا نوید حسین اطلاعات ونشریات، شہباز احمد سدھو کوارڈینیٹر، سابق وائس چیئرمین خرم شہزاد، رانا طاہر وثیق الرحمن، سابق چیئرمین خرم شہزاد، رانا طاہر، رضوان اقبال شاکر، عابد حسین، امتیاز علی باجوہ

سال 2025 کے دوران مشترکہ کھاتوں کی تقسیم پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کا اہم ترین ایجنڈا ہوگا

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے وژن کے مطابق سال 2025 کے دوران مشترکہ کھاتوں کی تقسیم پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کا اہم ترین ایجنڈا ہوگا، بہت بڑے پیمانے پر ملکیتی کھاتوں کی تقسیم کا عمل ایک منسلک رہے۔ ڈی جی پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی اکرام الحق نے بتایا کہ پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی 1947 سے اب تک کی تمام رجسٹریوں موسکین کر چکی ہے، ڈویلپمنٹ اداروں کا ریکارڈ بھی پیلر اکے ریکارڈ میں آجائے گا، ریونیو سٹاف کے لیے تقسیم سے قبل



سال میں مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، تقسیم کے دوران ریونیو عملہ فیلڈ میں رہ کر کام کریگا، یہ تفصیلات ڈی جی پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی اکرام الحق نے بتائیں، اجلاس کی صدارت کمشنر سید نوید حیدر شیرازی، چیئرمین پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی ایم پی اے چوہدری طارق سبحانی نے کی، ڈپٹی کمشنر نوید احمد، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈی نیشن محمد شفیق، اسسٹنٹ کمشنرز بھی موجود تھے اضلاع سے ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک سے

شعور ویلفیئر آرگنائزیشن کی ڈائریکٹر مس خان اور چیئرمین ڈاکٹر محمد احمد کی جانب سے دریائے چناب پر مہدی فوڈ ولا کی خصوصی کاوش سے ادبی بیٹھک کا اہتمام کیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) شعور ویلفیئر آرگنائزیشن کی ڈائریکٹر مس خان اور چیئرمین ڈاکٹر محمد احمد کی جانب سے دریائے چناب پر مہدی فوڈ ولا کی خصوصی کاوش سے ادبی بیٹھک کا اہتمام کیا گیا چناب ادبی بیٹھک والوں کی خصوصی شرکت ادبی بیٹھک کی صدارت مقصود وفا صاحب نے کی اور مہمان اعزاز زاہد ساویز صاحب جاوید اقبال صاحب اور شجاعت رجوعی صاحب نے کی مہمانِ اعزاز میں زاہد ساویز صاحب فلک شیر صاحب نوید ذوالقرنین راشد صاحب تنور پوری صاحب اور تصور سمیع صاحب شامل تھے جبکہ نظامت کے فرائض شعور ویلفیئر آرگنائزیشن کے جنرل سیکرٹری سید فیصل شاہ اور چناب ادبی بیٹھک کے جنرل سیکرٹری ہارون عامر نے ادا کیے اور شعور ویلفیئر آرگنائزیشن کی جانب سے تمام مہمانوں کو ادبی بیٹھک میں خوش آمدید کہا۔ ڈائریکٹر مس خان اور چیئرمین ڈاکٹر محمد احمد کا کہنا تھا یہ ایک عظیم موقع ہے جب ہم سب اکٹھے ہو کر ادب اور شعر و شاعری کی دنیا میں ایک نیا اضافہ کر سکتے ہیں ہمیں یقین ہے کہ آپ کی شرکت سے اس محفل کی رونق دو چند ہو گی اور آپ کی شاعری و ادب کے حوالے سے جو گفتگو ہو گی وہ ہمارے علم میں اضافہ کرے گی ہمیں یہ اعزاز حاصل ہے

آئیڈیل گرائمر سکول چھانگا مانگا کے سالانہ نتائج 2024 کا اعلان کر دیا گیا



چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) آئیڈیل گرائمر سکول چھانگا مانگا کے سالانہ نتائج 2024 کا اعلان کر دیا گیا پوزیشن ہولڈرز بچوں اور اساتذہ میں انعامات تقسیم کیے گئے پروگرام کے اختتام پر سکول کے پرنسپل رائے محسن کھرل نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا تفصیلات کے مطابق چھانگا مانگا میں آئیڈیل گرائمر سکول چھانگا مانگا کے سالانہ امتحانات 2024 کے نتائج کا شاندار اعلان کیا گیا اس پروقار تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی معزز شخصیات نے شرکت کی جن میں مہمان خصوصی رائے محمد حنیف کھرل، رائے محمد محسن کھرل، چوہدری ارسلان اسلم رانجھا (ڈائریکٹر اسپائر کالج چونیاں)، ڈاکٹر غلام حسین رائے، پروفیسر امانت علی شاکر، صدر پریس کلب چھانگا مانگا اسلم بابر انصاری، ریاض احمد بھٹی ایڈووکیٹ، معروف سیاسی سماجی وصحافی شخصیت میاں شفیق احمد، ڈاکٹر امین اور رائے زبیر احمد شامل تھے۔ مہمانوں نے پوزیشن ہولڈرز طلباء کو انعامات سے نوازا اور ان کی محنت کو خوب س

DAILY QUWAT
اداریہ ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

امریکی تجارتی وفد کی آمد کئی معاہدوں پر دستخط

امریکہ کا اعلیٰ سطح کا انویسٹمنٹ وفد دو روزہ اہم دورے پر پاکستان پہنچ گیا۔ وفد کی قیادت ٹیکساس پیسیفک فنڈ کے منیجر اور ٹرمپ خاندان کے قریبی بزنس پارٹنر جینٹری پیچ کر رہے ہیں۔ نئی امریکی حکومت کے اقتدار سنبھالتے ہی انویسٹمنٹ وفد کا پاکستان آنا انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ امریکی وفد کے دورہ پاکستان سے دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں انویسٹمنٹ، معاشی اور دوطرفہ تعلقات کی نئی راہیں کھلیں گی۔ دورہ کے دوران پاکستان اور امریکہ کے درمیان انویسٹمنٹ کے کئی معاہدوں پر بھی دستخط کیے گئے۔ وفد میں شامل اراکین بالخصوص جینٹری پیچ کی پاکستان آمد ایک بڑی سفارتی کامیابی ہے۔ جینٹری پیچ ٹرمپ خاندان کے انتہائی قریبی ساتھی ہیں اور صدر ٹرمپ کی گزشتہ انتخابی مہم میں پیش پیش رہے۔ نئی امریکی حکومت آنے کے بعد کسی بھی امریکی وفد کا یہ پہلا دورہ ہے۔ نئی امریکی حکومت قائم ہونے کے کچھ ہی دن بعد امریکی انویسٹمنٹ وفد کی پاکستان آمد دونوں ملکوں کے درمیان معاشی دوطرفہ تعلقات آگے بڑھانے کی طرف ایک اہم قدم ہے۔ جینٹری پیچ نے گزشتہ دنوں مارا لے لاگو میں صدارتی انتخابات کے بعد ایک تقریب کے دوران پاکستان کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے لوگوں نے دہشتگردی کیخلاف جنگ میں بہت قربانیاں دی ہیں، ہزاروں لوگ دہشتگردی کی نذر ہو گئے۔ جینٹری پیچ نے کہا کہ پاکستان ایک حیرت انگیز ملک ہے، یہاں کا ماحول امریکی صدر ٹرمپ کیلئے سازگار ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کے عوام امریکا کے ساتھ مثبت شراکت داری اور اچھے دوست کے طور پر یکساں شرائط پر کام کرنے کے خواہاں ہیں۔

پاکستان اور امریکہ کے کئی حوالوں سے تعلقات نشیب و فراز کا شکار رہے ہیں۔ دفاعی امور اور پاکستان کے نیو کلیئر پروگرام پر امریکہ کی طرف سے تحفظات کا اظہار ہوتا رہا ہے۔ ان حوالوں سے پاکستان پر پابندیاں لگتی اور اٹھتی رہی ہیں۔ جہاں تک تجارت تعاون، امداد اور سرمایہ کاری کا تعلق ہے امریکہ کی طرف سے پاکستان کو کسی بھی اچھے دوست کی طرح اہمیت دی گئی ہے۔ امریکہ کئی دہائیوں سے پاکستان کا ایک اہم اقتصادی اور ترقیاتی شراکت دار رہا ہے، اس نے 1960 کی دہائی میں پاکستان میں سبز انقلاب لانے میں مدد دی۔ نو آزاد پاکستان کو کئی طرح کی دیگر مشکلات کے ساتھ غذائی قلت کا سامنا تھا۔ امریکہ نے گندم ڈپلومیسی کی اور منگلا، تربیلا اور گول زام ڈیموں جیسے کئی میگا آبپاشی و توانائی کے منصوبوں کی تعمیر میں پاکستان کی مدد کی۔

امریکی حکومت نے تمام تر شعبوں کے اندر اور پاکستان، بین الاقوامی شراکت داروں اور ترقیاتی معاونین کے ساتھ کام کرتے ہوئے امریکی امدادی پروگرام کے تحت معاشی نمو اور دوطرفہ تجارت، توانائی، انتظامی امور میں بہتری، پناہ گزینوں اور میزبان آبادیوں، سول سوسائٹی، عوام کے درمیان تبادلہ پروگراموں اور کووڈ 19 جیسے موذی امراض کے خاتمہ پر توجہ دی ہے۔ 2005 کے زلزلہ متاثرین کی بحالی کے لیے امریکہ آگے تھا۔ 2010 کے سیلاب میں بھی امریکہ نے پاکستان کی بھرپور مدد کی۔

گزشتہ بیس سال کے دوران امریکہ نے پاکستان کے عوام کو براہ راست بتیس ارب ڈالر سے زائد کی امداد فراہم کی ہے مگر امریکی سرمایہ کاری اس سے پہلے 1960 کی دہائی میں شروع ہوگئی تھی جس کے نتیجہ میں گندم اور چاول جیسی اہم فصلوں کی زیادہ پیداوار والی اقسام بھی دریافت ہوئیں اور پاکستان کے دیہی علاقوں میں رہائش پذیر لوگوں کے معاشی مواقع میں ڈرامائی طور پر اضافہ ہوا۔ امریکہ نے پاکستان میں بجلی کی فراہمی میں سرمایہ کاری کرتے ہوئے آبی ذخائر اور پن بجلی گھر تعمیر کیے تھے جو آج بھی قابل اعتماد، موثر اور پولیوشن فری توانائی فراہم کر رہے ہیں اور وہ پاکستان کی بجلی کی پیداواری استعداد کار میں بڑے پیمانہ پر اضافہ کا ذریعہ ثابت ہوئے ہیں۔ دونوں ممالک کے عوام کے مابین باہمی تعلقات 1950 سے استوار ہیں۔ دونوں حکومتوں نے فلبرائٹ پروگرام جیسے اعلیٰ تعلیم کے تبادلہ پروگراموں کے ذریعہ باہمی افہام وتفہیم کو فروغ دیا۔ آج کسی بھی دوسرے ملک کے مقابلہ میں پاکستان میں فلبرائٹ پروگرام میں سب سے زیادہ سرمایہ کاری امریکہ کر رہا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کے صدارتی الیکشن میں کامیابی کے ساتھ ہی کچھ افواہ ساز سامنے آگئے کہ پاکستان اور امریکہ کے تعلقات میں کشیدگی در آئے گی۔ پاکستان کے اندر اور باہر کے دشمن ایسا ہی چاہتے ہیں۔ تحریک انصاف تو آج کل باقاعدہ تارکین وطن کو پاکستان میں رقوم نہ بھیجنے پر اکسا رہی ہے۔ اس حوالے سے باقاعدہ مہم چلائی جا رہی ہے۔ ایسی مہم کو حب الوطنی کے کس خانے میں فٹ کیا جا سکتا ہے؟ پاکستان میں بدامنی کا پراپیگنڈا کیا جاتا ہے۔ دہشت گردی پاکستان میں پھر دار آئی جس پر قابو پانے کی ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔ اس حوالے سے پاک فوج کے سپوت اپنی جانیں قربان کر رہے ہیں مگر دہشت گردی اتنی بھی زیادہ نہیں ہے کہ دنیا کے سرمایہ کار پاکستان میں کاروبار کرنے سے انکار کر دیں۔ اس کی سب سے بڑی مثال امریکہ کے آئے ہوئے وفد کی ہے جس نے کئی معاہدوں پر دستخط کیے ہیں۔ صدر ٹرمپ بنیادی طور پر بزنس مین ہیں۔ دنیا میں جہاں کہیں بھی امریکہ کے لیے بزنس کو بڑھانے کے مواقع میسر ہیں امریکہ ان سے استفادہ کی کوشش کر رہا ہے۔ امریکی سرمایہ کاروں کو پاکستان کی فضا موزوں اور سازگار محسوس ہوئی تو انہوں نے پاکستان میں سرمایہ کاری کا فیصلہ کیا ہے۔

حکومت پاکستان بھی مختلف ممالک سے سرمایہ کاری کے حوالے سے رابطے کرتی رہی ہے جس کے مثبت نتائج سامنے آئے ہیں۔ اس کے لیے حکومت کو مزید اقدامات کی بھی ضرورت ہے۔ توانائی کا وافر مقدار میں اور سستا ہونا سرمایہ کار کی اولین ضرورت ہوتی ہے۔ امن و امان کی صورتحال کو مثالی بنانا بھی حکومت کی ذمہ داری میں آتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ سیاسی استحکام بھی اندرونی اور بیرونی سرمایہ کاروں کے لیے ناگزیر ہوتا ہے۔ حکومت کو اس طرف بھی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ کچھ عرصہ سے معیشت میں مضبوطی کے اشارے مل رہے ہیں۔ اسے حکومت کی کامیاب معاشی پالیسی سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔

چھوٹا سا گاڈ فادر

آج وہ چوتھی بار مجھے خریدنے آیا تھا وہ ہر بار دنیا کی مہنگی ترین گاڑی میں آتا ہر بار مختلف گاڑی میں آتا اسطرح وہ مجھے مرعوب کرنے کی لگاتار کوششوں میں لگا ہوا تھا بات گاڑی تک محدود رہتی تو ٹھیک تھا قابل نفرت بات یہ تھی کہ وہ ہر بار نئی خوبصورت عورت کے ساتھ آتا آج چوتھی گاڑی اور چوتھی عورت تھی بقول اس کے میں نے چار شادیاں کر رکھی ہیں ہمارا مذہب چار شادیوں کی اجازت دیتا ہے بعد میں پتہ چلا کہ وہ ایک وقت میں چار نو جوان عورتوں کو اپنے نکاح میں رکھتا ہے جس عورت کی جوانی کا رنگ پھیکا پڑتا اسکو چھوڑ کر اس کی جگہ نو خیز لڑکی کو بیوی کے طور پر اپنی زندگی میں شامل کر لیتا ہے انتہائی چالاک اور ذہین آدمی انسانی نفسیات سے خوب کھیلنا جانتا تھا ہفتہ پہلے یہ پرتعیش جہازی گاڑی میں میرے پاس آیا آتے ہی گاڑی سے اترا میرے پاس آ کر ٹھنڈے جوس کی بوتل میرے ہاتھ میں پکڑائی اور ٹشو پیپر سے میرے جوتے صاف کرنے کی کوشش کی جو میں نے سختی سے منع کر دیا میری برہمی سے اس نے تیزی سے اپنا موڈ تبدیل کیا اب وہ انتہائی تابعدار ہو کر سر جھکا کر کھڑا ہو گیا اس کی واضح ڈرامہ بازی سے میں اس کو پہچان چکا تھا میں نے کہا آپ آرام سے اپنی گاڑی میں بیٹھ جائیں میں فری ہو کر میں آپ سے ملتا ہوں میں نے جان بوجھ کر اس کو طویل انتظار کرایا وہ وقفے وقفے سے مجھے کبھی مہینوں سے تنگ کر رہا ہے رشوت کی آفر اور سفارش بھی کروا چکا ہے میں نے اسے کہا کہ آپ میرٹ پر کام کرو کیونکہ روز محشر بھی برپا



ہونا ہے وہ بندہ اگلے دن پھر میرے سر پر سوار تھا میں نے ٹال دیا تو یہ چند دن کے انتظار کے بعد آج پھر چوتھی دفعہ میرے پاس آیا ہوا تھا پچھلے چند دنوں کے دوران اس نے ایک اور انوکھا کام کیا میرے بہت سارے جاننے والے اس نے پتہ نہیں کیسے ڈھونڈ لیے وہ تمام مجھے بار بار اس کی سفارش کے فون کرتے بڑی رقم کی آفر بھی اس نے کر دی تھیں دو دن پہلے اس کے سفارشی سے اس کا ڈیٹا لے چکا تھا وہ میرا جاننے والا تھا اور اس کا بھی پرانا دوست تھا میرے پو چھنے پر اس نے اس چالاک آدمی کے بارے میں بتایا کہ یہ بہت امیر چالاک ذہین اور تعلقات رکھنے والا بندہ ہے اس کا طریقہ واردات یہ ہے کہ نئے بھرتی ہونے والے افسران کے ساتھ یاری لگا لیتا ہے بلکہ ذہین طالبعلموں کے اخراجات تک برداشت کرتا ہے پھر ان کو مختلف محکموں میں بھرتی کراتا ہے سرکاری افسران کے گھروں کے بل اخراجات پورے کرتا ہے افسران کے گھروں میں کھانے پینے کی اشیا ہر ماہ بھجواتا ہے ان کی اچھی جگہ پو سٹنگ کرواتا ہے بااثر لوگوں کو عورتیں سپلائی کرتا ہے شاپنگ کراتا ہے ہر انسان کی کمزوری اور ضرورت سے کھیلتا ہے جو افسران اس کے خرچے پر پل رہے ہیں وہ اس کے اشاروں پر کام کرتے ہیں بدمعاشوں سے بھی تعلقات ہیں اگر کوئی بات نہ مانے تو بدمعاشوں کو بھی دھمکی کے طور پر استعمال کرتا ہے اس کے تعارف کے بعد مجھے گاڈ فادر یاد آ گیا جو جرائم کی دنیا کا پراسرار و چالاک کردار تھا جس پر فلمیں بھی بن چکی ہیں گاڈ فادر نے اپنے شیطانی ذہن کے بل بوتے پر کامیابیاں حاصل کیں جرائم کو سائنسی بنیادوں پر شروع کیا اسی نے انڈر ورلڈ جیسی اصطلاحیں ایجاد کیں مجرموں کو با قاعدہ جرائم کی تربیت دی جاتی مجرموں کا بین الاقوامی نیٹ ورک بنایا اس کا نیٹ ورک دنیا کے کونے کونے میں پھیلا ہوا تھا وہ چند لمحوں میں ایک ملک سے دوسرے ملک پہنچ جاتا تھا جعلی دستاویزات اسلحہ بارود اور منشیات کی تیاری کے لیے باقاعدہ لیبارٹریاں بنائیں دنیا کے سفاک ترین قاتلوں کو اکٹھا کیا ان کے چار عالمی سکواڈ تشکیل دیئے یہ قاتل پھر تیلے ذہین اور سنگدل تھے کہ چشم زدہ میں لوگوں کو قتل اسطرح کرتے کہ کسی بھی قسم کا نشان نہ چھوڑتے ان کی کارروائیوں سے دنیا بھر کے حکمرانوں کی نیندیں حرام ہو گئیں تھیں گاڈ فادر پراسرار چھلاوا بن گیا تھا جو آندھی کی طرح کسی بھی جگہ آتش فشاں کی طرح پھٹ کر دشمن کو نیست و نابود کر دیتا گاڈ فادر ابتدا میں ایک چھوٹا سا مجرم تھا بے پناہ شیطانی قائدانہ صلاحیتوں کا مالک تھا غیر معمولی ذہین آدمی تھا جرائم پیشہ گروپوں کو کنٹرول کرنا یہ آرٹ اسے خوب آتا تھا 1934 میں اس نے اپنے خوفناک منصوبے کو اسطرح شروع کیا کہ یونیورسٹی کے پروفیسرز اور ریٹائرڈ سیاستدانوں کی خدمات حاصل کیں پروفیسروں نے مختلف یونیورسٹیوں کے دورے کئے اور ذہین ترین طالب علموں کی لسٹیں بنا دیں سیاستدانوں نے ان نو جوان سیاستدانوں کے نام بتائے جو مستقبل میں بڑے سیاستدان بن سکتے تھے اب گاڈ فادر نے ان طالب علموں اور سیاستدانوں کی سماجی مدد کرنا شروع کر دی طالب علموں کو وظائف دے کر ترقی یافتہ ملکوں سے اعلیٰ تعلیم دلانا اور پھر ان طالب علموں کو اٹلی کے سرکاری پرائیوٹ اداروں میں بھرتی کروایا سیاستدانوں کو پروان چڑھنے میں مدد کی وکیلوں کو جج بنوایا اپنے بندوں کو سفیر وزیر مشیر بنوایا کچھ کو تاجر صنعت کار بروکر بنوایا ماہر معاشیات بنوایا اور پھر یہ لوگ تمام اٹلی میں پھیل گئے پھر گاڈ فادر دوم نے اپنے والد کے سلسلے کو پورے یورپ میں پھیلا دیا گاڈ فادر کے ایک اشارے پر منٹوں میں یورپ کے قوانین تبدیل ہو جاتے سامنے حکمران اور تھے لیکن حقیقی حکومت گاڈ فادر کی ہی تھی چپڑاسی سے لے کر وزیر اعظم تک ہر بندہ گاڈ فادر کا ہی ہرکارہ نکلتا اگر کبھی کوئی جرم اس کے کھاتے پڑتا تو ایف آئی آر کرنے والا مہرلگانے والا گرفتاری کا حکم دینے والا عدالت میں وکیل اور جج کی پوسٹ پر بیٹھا ہر شخص وزیر مشیر یا وزیر اعظم ہر بندہ اس کا خریدا ہوا ہوتا تھا حکومتی عہدے دار دن رات اس کے پاں کو چھو کر گھر سے نکلتے اس کے اشاروں پر چلنا ان کی زندگی کا مقصد یہی تھا اس طرح گاڈ فادر کے با اثر افراد کے اذھان شعور عقل وفہم میں اتر گیا تھا اس کے حق میں بولنے والے اور اس کی مخالفت میں بولنے والے دونوں اس کے جوتے چاٹتے تھے دونوں کی رگوں میں اس کی وفاداری کا خون دوڑتا تھا بعد میں اِسی سسٹم کو امریکہ نے اپنا لیا آج دنیا کے اکثر ممالک میں امریکہ کے ہر کارے امریکی مفادات کی خاطر اپنی زندگیاں تک داپر لگانے سے گریز نہیں کرتے آپ پاکستان کی تمام جماعتیں دیکھ لیں آپ کو امریکہ کے پٹھو ہر جماعت میں امریکہ کی جگالی کرتے نظر آئیں گے گاڑی میں میرے سامنے بھی چھوٹا سا گاڈ فادر بیٹھا تھا جو مجھے خریدنے پر تیار تھا میں نے اس کی آنکھوں میں گہری نظروں سے دیکھا اور کہا مجھے خریدنے سے پہلے خدا کو خریدو کیونکہ میں اس کی بات مانتا ہوں یہ کہہ کر میں گاڑی سے نیچے اتر آیا لیکن اترنے سے پہلے اسے کہا کبھی دوبارہ میرے پاس آنے کی غلطی نہ کرنا۔

منو بھائی کی سنڈس

دنیا صحافت ثقافت اور ادب ہی میں نہیں سیاست اور خلق خدا کی بھلائی میں بھی منو بھائی اپنا ایک منفرد اور قابل احترام مقام رکھتے تھے اور ساتھ سال پہلے حکم خداوندی میں اس دیار فانی سے رخصت ہو گئے اس لیے کہ قدرت نے زندگی جیسا حسین تحفہ دیا ہی موت کی قیمت پر ہے، کبھی ہم بہت امیر تھے کہ ہمارے تمام بڑے ہمارے سروں پر موجود تھے لیکن دونوں بھائی کی طرح سب کے سب اپنی اپنی باری پر رختا چھوڑ کر چلے گئے اور اب ہم بڑے ہیں اس کا مطلب سیدھا سادہ ہے کہ وقت راہ میں بھی اپنے مالک حقیقی کی جانب واپس لوٹتا ہے یہ الگ بات ہے کہ زندگی کی کہانی کا انجام جانتے بوجھتے بھی بہت سے ایسے دنیا میں موجود ہیں جو دنیا کی رنگینیوں کو اپنا حق سمجھتے ہیں انہیں کسی کی فکر نہیں، نہ ہی ،،دربار رب العزت،، میں جانا یاد ہے، اسی لیے وہ سرمست ہاتھی کی طرح تمام تر نعمتوں اور رحمتوں کو اپنے لیے مالک حقیقی کی عطا جان کر واپسی بھولے بیٹھے ہیں انہیں پتہ ہے کہ زندگی،، اذان اور نماز جنازہ کے درمیان کا ایک ایسا وقفہ ہے،، جس کا اصل وقت کسی کیلنڈر یا پیمانے سے معلوم نہیں کیا جا سکتا پھر بھی انہیں نہ کسی کی فکر اور نہ ہی کسی کا ڈر خوف جائز ناجائز سب کچھ ان کا، روز محشر سے بھی واقف ہیں، علماء ؒ ومشائخ کے واعظا بھی سنتے ہیں نماز کی ادائیگی بھی کرنا فرض سمجھتے ہیں لیکن ان میں سے،، میں، انا اور خواہشات کی غلامی نہیں نکلتی کیونکہ انہیں خلق خدا سے زیادہ اپنی اور اپنے پیاروں کی فکر لاحق ہے، اولاد نرینہ کی تمنا کرتے ہیں اور پھر آخری وقت تک انہی کی پیدا کردہ مشکلات میں جکڑے رہتے ہیں لیکن جو لوگ زندگی کی نعمت کو عارضی سمجھتے ہوئے کچھ کر گزرنے کا جذبہ رکھتے ہوئے ایسے کارنامے انجام دیتے ہیں جو دوسروں کی آسانی کا باعث بنیں، انہیں اس عارضی دنیا سے رخصتی کے بعد بھی ہمیشہ مثبت انداز میں یاد رکھا جاتا ہے ایسی ہزاروں، لاکھوں مثالیں ھیں کہ،، ارب پتی،، خاک میں مل کر خاک ہو گئے لیکن مثبت سوچوں کے وارث اپنے سے زیادہ دوسروں کا خیال رکھنے والے،، بوریا نشین،، مٹی تلے جا کر بھی زندہ جاوید رہے بلکہ ہمیشہ رہیں گے، ایسے ہی لوگوں میں چھری ،چاقو، کانٹوں سے شہرت یافتہ شہر وزیر آباد میں جنم لینے والے منیر احمد قریشی المعروف منو بھائی ہیں، ان کا شمار میرے ہمعصروں میں ہرگز نہیں لیکن ہم وہ خوش قسمت ہیں جنہیں ان کا دیدار ھی نہیں بلکہ ان کے ساتھ کام کرنے کا موقع بھی ملا، بحیثیت انسان یقیناً ان سے اتفاق اور اختلاف کیا جا سکتا ہے اس مٹی کے پتلے سے غلطی کوتاہی بھی ہوئی ہوگی لیکن منو بھائی کی صحافتی، ثقافتی، ادبی اور انسانیت کی خدمات کو دیکھتے اور پرکھتے منہ سے دعا ضرور نکلتی ہے کہ اللہ ان کی نہ صرف مغفرت اور درجات بلند کرے بلکہ جوار رحمت میں جگہ دے، وہ خود تو چھری چاقو والے ہرگز نہیں تھے پھر بھی ان کا قلم کسی تلوار سے کم نہ تھا اسی لیے ایک ترقی پسندانہ سوچ کی وجہ سے سیاسی حلقوں میں بھی انہیں کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا، میں ریڈیو پاکستان سے لائیو پروگرام کرتا ہوں کبھی میرے اس پروگرام میں منو بھائی اور ڈاکٹر حسن عسکری (سابق نگران وزیر اعلیٰ پنجاب) عالمی تجزیہ کار شمولیت کیا کرتے تھے اگر آپ قہقہہ نہ لگائیں اور تمسخرنہ اڑائیں تو میں معاوضہ بھی بتا دیتا ہوں ،،مبلغ ایک ہزار جس کا نصف 500 ہوتا ہے سکہ راج الوقت، ہم تینوں کو فی کس ملا کرتا تھا لیکن ہم تینوں انتہائی ذمہ داری سے ایک اعزاز سمجھ کر برسوں یہ پروگرام کرتے رہے، پھر اچانک محترمہ ثمینہ پرویز ڈی۔جی۔ ریڈیو پاکستان تعینات ہو گئیں، ان سے ملاقات ہوئی تو پرانی شناسائی کے باعث انہوں نے کہا ،، آپ میرے لائق کوئی کام بتائیں؟ میں نے درخواست کی کہ کیا آپ مجھتی ہیں کہ ایک گھنٹے دورانیہ کے،، حالات حاضرہ،، کا پروگرام منو بھائی، حسن عسکری اور میں ایک ہزار کے لیے کرتے ہیں؟ آپ نہیں جانتیں کہ منو بھائی ہر پروگرام پر ہزار، دو ھزار یہاں روزی کی تلاش میں آنے والے جز وقتی آرٹسٹوں کو بانٹ جاتے ہیں اس لیے کہ وہ انتہائی کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں کیونکہ سرکاری ریڈیو، ٹی وی پر اب حالات اور پالیسیوں کے باعث کام ہی نہیں ہو رہا،



محترمہ نے وعدہ کیا اور آئندہ ہفتے مجھے اسلام آباد سے فون کر کے دریافت کیا کہ آپ کتنا معاوضہ درست سمجھتے ہیں؟ میں نے کہا ،، کم از کم پانچ ہزار تو کیا جائے،، وعدہ نبھانے کی یقین دہانی کرائی اور فون بند کر دیا تقریباً 15 روز بعد مجھے فون کر کے اطلاع دی کہ ،، بورڈ آف ڈائریکٹرز،، کی میٹنگ میں میری کوشش کے باوجود پانچ ہزار کی منظوری نہیں ہو سکی البتہ تین ہزار معاوضہ کر دیا گیا ہے برسوں ہم بہت امیر تھے کہ ہمارے ساتھی ہیں اس لیے کہ وہ انتہائی کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں کیونکہ سرکاری ریڈیو، ٹی وی پر اب حالات اور پالیسیوں کے باعث کام ہی نہیں ہو رہا، تھا کہ منو بھائی کسی شخصیت کا نام نہیں، یہ ایک عہد ہے اور منو بھائی اپنی تحریر، تقریر، سوچ شاعری اور تمثیلی کارناموں کے حوالے سے عہد ساز شخصیت کی حیثیت سے ہمیشہ زندہ رہیں گے ان کی تمام تحریریں ملکی استحکام، اصلاح معاشرہ اور احترام انسانیت کی مثبت سوچ کی عکاس ہیں، آج کل سنڈس کی سرپرستی ممتاز براڈ کاسٹر اور آرٹسٹ خالد عباس ڈار کر رہے ہیں اور سنڈس پھول پھل رہی ہے وہاں مریضوں کو بلا تفریق خون بھی مہیا کیا جا رہا ہے اور جدید مشینوں سے ہر ممکن سہولت کاری بھی کی جا رہی ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ سنڈس بھی منو بھائی اور ان سے پیار کرنے والوں کو کبھی نہیں بھولی، ساتویں برسی کی تقریب میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والوں نے بڑی تعداد میں شرکت کر کے،، سنڈس مشن اور منو بھائی،، کے اس فلاحی یادگار کو مثالی بنانے کا عزم کا اظہار کیا، بالکل اسی طرح بلکہ اس سے بھی زیادہ بھرپور انداز میں سپیکر پنجاب اسمبلی نے تعاون کی یقین دھانی دلاتے ہوئے صوبائی وزیر صحت کو مشورہ دیا کہ وہ اسمبلی میں سنڈس کے حوالے سے بھرپور بل کو حتمی شکل دینے کے لیے،، پبلک پرائیویٹ ڈے،، پر زیر بحث لائیں تا کہ اس کی منظوری سے حکومت پنجاب اس کار خیر میں مکمل طور پر شامل ہو سکے، اس موقع پر سپیکر اور وزیر صحت نے سنڈس فاؤنڈیشن کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا، زیر علاج تھلیسیما کے بچوں سے ملاقات بھی کی اور ان میں تحائف بھی تقسیم کیے، یاسین خان اور ان کی ٹیم جس خدمت انسانی کے جذبے سے کام کر رہی ہے وہ یقیناً قابل ستائش ہے منو بھائی اپنا مشن پورا کر کے رخصت ہو گئے لیکن پیغام ضرور دے گئے کہ اگر کچھ کر گزرنے کا جذبہ اور ہمت رکھتے ہو تو حقیقی طور پر دوسروں کے لیے کچھ کر جاؤ تا کہ تمہارے جانے کے بعد بھی تمہیں یاد رکھا جائے، زندگی کے آخری ایام میں جب وہ صاحب فراش تھے تو میں بلا ناغہ ان سے،، گپ شپ،، کرنے جایا کرتا تھا اور اگر کبھی ناغہ ہو جاتا تو دوسرے روز ہی فون آ جاتا، ناصر تو آیا نہیں،، اور مجھے ایسا محسوس ہوتا کہ جیسے میں نے کلاس،، مس،، کر دی اور استاد میری سرزنش کر رہا ہو، ایک روز دوپہر کو فون آیا تو میں سہم گیا فوراً منہ سے نکلا،، خدا خیر کرے،، فون اٹھا کر ہیلو کیا تو منو بھائی بولے، ناصراج چار پانچ بجے آ سکتا ایں،، میں نے کہا ،، آپ حکم کریں خیریت تو ہے؟ فرمانے لگے،، اک مہمان آ رہیا اے میرا حال کچھ مختصر، میں چاہناواں توں وی آ جا،، میں نے وعدہ کر لیا لیکن جب ریوالونگ گارڈن پہنچا تو پولیس نے ان کی رہائش گاہ کو گھیرے میں لے رکھا تھا پہلے پریشانی ہوئی، پھر پروٹوکول توڑ تاڑ کے منو بھائی کے دولت خانے میں پہنچ گیا کمرے میں ایک مہمان پہلے سے بیٹھا ہوا تھا میرا ان سے تعارف نہیں تھا میں نے منو بھائی سے پوچھا،، کون صاحب آ رہے ہیں؟ بولے،، بلاول بھٹو زرداری،، تھوڑی دیر میں سنڈس کے رکھوالے یاسین خان بھی آ گئے، اس طرح بلاول بھٹو زرداری کی آمد پر کمرے میں صرف ہم تین لوگ موجود تھے اور بلاول بھٹو زرداری سے میری پہلی ملاقات میں منو بھائی نے ہمیں متعارف کرایا، آج منو بھائی کی کمی ہر لحاظ سے محسوس ہوتی ہے لیکن سنڈس کی کامیابی یاسین خان کو ہی نہیں، ہمیں بھی نہال کر دیتی ہے منیر احمد قریشی المعروف منو بھائی کمال شخصیت کے مالک تھے اور اللہ نے بھی انہیں منفرد صلاحیتوں سے نوازا تھا انہوں نے کوٹھی، کار اور بینک بیلنس کی کبھی خواہش نہیں کی، 10 مرلے کے گھر میں انتہائی خوش وخرم رہے جو ان کی انکساری کا ثبوت ہے۔

گریٹر اسرائیل کا نقشہ مضبوط ملک اور فوج کی اہمیت پر زور دیتا ہے

حال ہی میں اسرائیل نے اپنے سرکاری سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر عربی میں ' گریٹر اسرائیل' کا نقشہ شائع کیا، جس میں کئی عرب ممالک کی زمینوں پر ملکیت کا دعویٰ کیا گیا۔ اس نقشے کی اشاعت کو عرب دنیا میں بڑے پیمانے پر تنقید کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ قطر، متحدہ عرب امارات اور سعودی عرب سمیت خلیجی ممالک نے اس نقشے کی شدید مذمت کی ہے، جو فلسطین، اردن، لبنان اور شام پر "تاریخی علاقائی حقوق" کا دعویٰ کرتا ہے۔ نقشہ جاری کرنا سخت گیر اسرائیلی وزراء کے بیانات کے ساتھ موافقت رکھتا ہے جو مغربی کنارے میں فلسطینی علاقوں پر دوبارہ مکمل قبضہ کرنے اور غزہ کی پٹی میں اسرائیلی بستیوں کی تعمیر نو کی وکالت کرتے ہیں۔ مارچ 2023 میں انتہائی دائیں بازو کے اسرائیلی وزیر خزانہ بیزلیل سموٹریچ کی تصویر " گریٹر اسرائیل" کے نقشے کے ساتھ سامنے آئی تھی جس میں پیرس میں ایک تقریر کے دوران یہ نقشہ پیش کیا گیا تھا جس میں اردن کو اسرائیل کے حصے کے طور پر شامل کیا گیا تھا۔ اس متنازعہ نقشے کی اشاعت نے بڑے پیمانے پر ردعمل کو جنم دیا ہے، کئی عرب ممالک نے بین الاقوامی برادری سے مداخلت کرنے اور خطے کے ممالک اور لوگوں کے خلاف اسرائیلی خلاف ورزیوں کو روکنے کا مطالبہ کیا ہے۔ نقشے کے سامنے لائے جانے کے وقت نے بہت سے لوگوں کو حیران کیا ہے، خاص طور پر ایک ایسے وقت میں جب شام کو نمایاں عدم استحکام کا سامنا ہے، جس سے اسرائیل کے آس پاس کوئی بڑی فوجی طاقت باقی نہیں رہ گئی ہے۔ یہ صورتحال بیرونی خطرات کے خلاف تحفظ کے طور پر مضبوط ممالک اور فوجی قوتوں کی ضرورت پر زور دیتی ہے۔ یہ صورتحال پاکستان کی دفاعی ضروریات کو بھی اجاگر کرتی ہے۔ ایک مضبوط فوج کے بغیر پاکستان اندرونی اور بیرونی چیلنجوں کا سامنا کرتے ہوئے اپنی خودمختاری کو برقرار رکھنے کے لیے جدوجہد کرے گا اور خاص طور پر بدترین دشمنوں کی موجودگی میں مضبوط فوج کا ہونا انتہائی اہم ہے۔ کمزور عرب ممالک اور کمزور فوجوں کے خطے کے درمیان " گریٹر اسرائیل" کے نقشے کا ظہور فوجی طاقت کی اہمیت کی واضح یاد دہانی کے طور پر کام کرتا ہے اور یہ ایک ایسا پیغام ہے جو پاکستان کی اپنی سلامتی کی ترجیحات سے مطابقت رکھتا ہے۔ جنوبی ایشیا میں اہم اسٹریٹجک



پوزیشن والے ملک کے طور پر پاکستان کو ایک پیچیدہ حفاظتی ماحول کا سامنا ہے، جس میں غیر مستحکم علاقائی حرکیات، اندرونی مسائل اور بدلتی ہوئی عالمی جغرافیائی سیاست شامل ہیں۔ نتیجتاً، پاکستان کی فوج ہمیشہ اس کی قومی سلامتی کا ایک اہم جزو رہی ہے۔ روایتی اور غیر روایتی سلامتی کے خطرات کی ابھرتی ہوئی نوعیت کو دیکھتے ہوئے پاکستان کے لیے یہ انتہائی ضروری ہے کہ وہ اپنی فوج کے لیے خاطر خواہ وسائل مختص کرے۔ اگرچہ فوجی اخراجات ایک متنازعہ موضوع بنے ہوئے ہیں، لیکن پاکستان کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے دفاع، خودمختاری اور استحکام کو یقینی بنائے۔ پاکستان کا زیادہ تر ملٹری خرچ بنیادی طور پر اس کی حساس جغرافیائی سیاسی پوزیشن کی وجہ سے ہوتا ہے، جو متعدد ممالک کے ساتھ سرحدوں کا اشتراک کرتا ہے، ہر ایک کے حوالے سے الگ حفاظتی خدشات ہیں جو براہ راست پاکستان کو متاثر کرتے ہیں۔ پاکستان کے لیے سب سے بڑا خطرہ اس کے مشرقی پڑوسی ہندوستان سے ہے۔ 1947 میں اپنی آزادی کے بعد سے دونوں ممالک نے متعدد جنگیں لڑی ہیں اور کشمیر کے علاقے پر جاری تنازعہ تناؤ کا ایک بڑا مرکز بنا ہوا ہے۔ ہندوستان، اپنی نمایاں طور پر بڑی معیشت اور فوج کے ساتھ، اپنی دفاعی افواج کو جدید بنانا جاری رکھے ہوئے ہے، جو پاکستان کو اسٹریٹجک برابری برقرار رکھنے کے لیے اپنی فوجی صلاحیتوں کو بڑھانے پر مجبور کرتا ہے۔ مزید برآں، افغانستان کے ساتھ پاکستان کی مغربی سرحد عدم استحکام کا باعث بنی ہے، خاص طور پر جاری تنازعہ اور خطے میں دہشت گردی اور عسکریت پسندی کے عروج کے پیش نظر چیلنجز بڑھ گئے ہیں۔ افغانستان میں طالبان کی اقتدار میں واپسی نے پاکستان کی سلامتی کی صورتحال کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے، کیونکہ عسکریت پسند گروہ اکثر غیر محفوظ سرحد عبور کرتے ہیں، جس سے سلامتی کے چیلنجز پیدا ہوتے ہیں اور خاص طور پر پاکستان کے قبائلی علاقوں میں مسائل میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس کے نتیجے میں سرحدی سلامتی کو مستحکم کرنے اور قومی امن و استحکام کو خطرے میں ڈالنے وال



انیرودھ اے آر رحمان کو پیچھے چھوڑنے والا بھارت کا سب سے مہنگا موسیقار بن گیا

ممبئی (شوبز ڈیسک) بھارت کی میوزک انڈسٹری میں اے آر رحمان موجودہ دور میں شہرت کی بلندیوں کو چھو رہے ہیں اور بکس آفس پر ریکارڈ قائم کرنے والی کئی فلموں کی موسیقی ترتیب دے چکے ہیں اور وہ بالی وڈ کے مہنگے ترین موسیقار تصور کیے جاتے ہیں لیکن ایک اور موسیقار بھی ہیں جنہوں نے معاوضے کے اعتبار سے ان کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ بھارت میں فلمی موسیقی کو یادگار بنانے چند نامور موسیقاروں میں سے ایک انیرودھ روی چندر نے انڈسٹری میں تہلکہ مچاتے ہوئے سب کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ انیرودھ نے صرف 33 سال کی عمر میں اے آر رحمان، اریجیت سنگھ، پریتم اور دلجیت دوسانجھ جیسے بڑے ناموں کو پیچھے چھوڑ کر بھارت کے سب سے زیادہ معاوضہ لینے والے موسیقار کا مقام حاصل کر لیا ہے۔ سب سے مہنگے موسیقار بننے والے انیرودھ نے اپنے کیریئر کی شروعات 2012 میں سپر ہٹ گانے وائے دس کو لیوری دی سے کی، جو فلم 3 کا حصہ تھا، یہ گانا وائرل ہو کر بین الاقوامی سطح پر ہٹ ہو گیا اور یوٹیوب پر 450 ملین ویوز حاصل کر لیا۔

اداکار دودی خان کا راکھی ساونت سے اظہار محبت، شادی کی پیشکش



دبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ کی متنازع اداکارہ و ڈانسر راکھی ساونت نے پاکستانی اداکار کی جانب سے کی گئی شادی کی پیشکش قبول کر لی۔ پاکستانی ماڈل اور اداکار دودی خان نے بھارت کی متنازع ماڈل و اداکارہ راکھی ساونت کو شادی کی پیش کش کی تھی، دودی خان نے انسٹاگرام پر مختصر ویڈیو پیغام جاری کرتے ہوئے راکھی ساونت کو عمرے کی ادائیگی کی مبارک باد پیش کرتے ہوئے ان سے اظہار محبت بھی کیا۔ دودی خان نے اپنی ویڈیو میں راکھی ساونت کو مخاطب ہوتے ہوئے ان سے پوچھا کہ شادی کے لیے بارات کہاں لانی ہے؟ پاکستانی اداکار نے راکھی ساونت سے پوچھا کہ بارات متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کی ریاست دبئی لانی ہے یا پھر بھارت؟ ویڈیو کے اختتام پر دودی خان نے راکھی ساونت سے اظہار محبت بھی کیا۔ پاکستانی اداکار کی جانب سے شادی کی پیش کش پر راکھی ساونت بھی جواب دیتے ہوئے پیش کش قبول کر لی۔ راکھی ساونت نے بھارتی میڈیا کو جاری کیے گئے اپنے آڈیو پیغام میں بتایا کہ انہیں پاکستانی اداکار اور پولیس افسر دودی خان نے شادی کی پیش کش کی ہے۔ انہوں نے پاکستان سے شادی کی پیش کش کو اپنے لیے اچھا رشتہ بھی قرار دیا اور ساتھ ہی کہا کہ وہ دودی خان سے شادی کریں گی۔ راکھی ساونت کا کہنا تھا کہ دودی خان اور ان کی شادی پاکستان میں ہوگی اور اسلامی روایات کے مطابق ہوگی۔ اداکارہ نے مزید کہا کہ ان کا ہنی مون یورپی ملک سوئٹزرلینڈ ہوگا جب کہ وہ مستقل بنیادوں پر دبئی میں ہی رہائش پذیر ہوں گی۔ اس سے پہلے راکھی ساونت نے گزشتہ ہفتے دبئی میں یوٹیوبرز سے بات کرتے ہوئے کسی پاکستانی مرد سے شادی کی خواہش کا اظہار کیا تھا۔ حالیہ دنوں میں راکھی ساونت پاکستانی اداکارہ ہانیہ عامر، ڈانسر نرگس اور دیدار کو دیے گئے ڈانس چیلنج کی وجہ سے خبروں میں بھی رہیں جب کہ ماضی میں بھی وہ اپنی شادیوں اور دیگر متنازع بیانات کی وجہ سے خبروں میں رہی ہیں۔

بھارت میں 11 بجے کے بعد بچوں کو تھیٹر میں لیجانے پر پابندی عائد



ممبئی (شوبز ڈیسک) اداکار الوارجن کی فلم پشپا 2 دارول کے پریمیئر کے دوران سندھیا تھیٹر میں بھگدڑ کے بعد تلنگانہ ہائی کورٹ نے اہم فیصلہ سنا دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق عدالت نے پشپا 2 اور رام چرن کی فلم گیم چینجر کے لیے اسپیشل شوز کے خلاف دائر درخواستوں پر سماعت کرتے ہوئے تھیٹرز میں بچوں کے داخلے کو صبح 11 بجے سے پہلے اور رات 11 بجے کے بعد محدود کرنے کا حکم دیا۔ عدالت نے ریاستی حکومت اور تھیٹر انتظامیہ کو ہدایت دی کہ 16 سال سے کم عمر بچوں کو صبح 11 بجے سے پہلے اور رات 11 بجے کے بعد شوز دیکھنے کی اجازت نہ دی جائے۔ جسٹس بی وجے سین ریڈی نے یہ حکم دو درخواستوں کی سماعت کے دوران دیا جن میں غیر معمولی شوز اور ٹکٹ کے اضافے پر اعتراض کیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ یہ فیصلہ پشپا 2: دارول کے دوران بھگدڑ کے باعث ایک خاتون کی ہلاکت اور ان کے بیٹے کے شدید زخمی ہونے کے بعد آیا۔ عدالت نے ریاستی حکومت پر اضافی شوز اور ٹکٹ بڑھانے کی اجازت دینے پر برہمی کا اظہار کیا۔ عدالت نے وزارت داخلہ کے پرنسپل سیکریٹری کو تمام متعلقہ فریقین سے مشورہ کر کے ضروری اقدامات لینے کی ہدایت دی ہے۔ ریاستی حکومت پہلے ہی صبح ایک بجے سے 8 بجے تک شوز پر پابندی عائد کر چکی ہے لیکن عدالت کے اس حالیہ فیصلے کے بعد خصوصی شوز کے لیے مزید پابندیاں عائد ہو گئی ہیں۔

ٹک ٹاکر کنول آفتاب نے سوشل میڈیا کمیونٹی کو منافق قرار دیدیا

وہ لوگ سب سے بڑے منافق ہیں جو مشکل وقت میں کبھی نہیں کھڑے ہوتے



لاہور (شوبز رپوٹر) پاکستانی سوشل میڈیا انفلوئنسر اور ٹک ٹاکر کنول آفتاب نے سوشل میڈیا کمیونٹی اور کانٹینٹ کریئرز کو منافق قرار دے دیا۔ ٹک ٹاکر کنول آفتاب نے رجب بٹ کی گرفتاری کے معاملے پر اپنا نقطہ نظر پیش کرتے ہوئے کہا کہ سوشل میڈیا پر منافق لوگوں کی بھرمار ہے جو ساتھ دینے کا دعوی تو کرتے ہیں لیکن کبھی مشکل وقت میں کھڑے نہیں ہوتے۔ کنول آفتاب کا مزید کہنا تھا کہ رجب بٹ کے معاملے پر جب سوشل میڈیا پر آواز اٹھائی تو لاکھوں لوگوں میں سے صرف دو فیصد یعنی چند نے اس سٹوری کو شیئر کیا جبکہ باقی منافقین خاموش رہے اور مزے لیتے رہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگ فون کر کے ہمدردی اور اپنے تعاون کا اظہار کر رہے تھے مگر وہ لوگ سب سے بڑے منافق ہیں جو مشکل وقت میں کبھی نہیں کھڑے ہوتے۔ ٹک ٹاکر نے کہا کہ ہر شعبے میں جب مشکل وقت آتا ہے تو سب ایک دوسرے کا ساتھ دیتے ہیں مگر سوشل میڈیا اس قدر گھٹیا دنیا ہے کہ یہاں کے لوگوں کو کوئی فرق نہیں پڑتا بلکہ الٹا مزے لیتے ہیں۔

کنگنا اور آرمادھون نئی فلم میں پھر ایک ساتھ نظر آئیں گے

ممبئی (شوبز ڈیسک) کنگنا اور آرمادھون کی ہٹ فلم تنو ویڈز منو کو 10 سال پورے ہو گئے، دونوں اداکار ایک بار پھر ایک نئی فلم میں ساتھ نظر آئیں گے۔ اداکارہ نے اپنی انسٹاگرام اسٹوری پر نئی فلم کا کلپ بورڈ فوٹو شیئر کیا ہے۔ اس تصویر کا عنوان ہے کہ اس سے زیادہ خوشی کی کوئی بات نہیں ہو سکتی کہ ایک نئی فلم کے سیٹ پر موجود ہوں۔ انسٹاگرام اسٹوری میں کنگنا نے بتایا ہے کہ اس فلم میں میرے ساتھ اہم کردار میں آرمادھون ہیں۔ کنگنا کی فلم ایمرجنسی کو ریلیز ہوئے 10 دن ہو چکے ہیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ فلم اس وقت بہت اچھا بزنس نہیں کر پا رہی۔



اداکارہ حریم سہیل کی مایوں کی تصاویر سوشل میڈیا کی زینت بن گئی

انڈسٹری کی ابھرتی ہوئی اداکارہ اب جلد شادی کے بندھن میں بندھنے کو تیار ہیں



کراچی (شوبز رپوٹر) پاکستانی شوبز سے وابستہ سینئر اداکارہ بینا چوہدری کی بیٹی و اداکارہ حریم سہیل کی مایوں کی تصاویر سوشل میڈیا کی زینت بن گئی۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر انڈسٹری کی ابھرتی ہوئی اداکارہ نے اپنی مایوں کی مختلف تصاویر و ویڈیوز شیئر کی ہیں۔ اداکارہ کی شادی سے قبل ان کی مایوں کی مختصر تقریب کا اہتمام گزشتہ روز کیا گیا، جس میں ان کے قریبی رشتے داروں کے ساتھ ساتھ ان کے عزیز و اقارب نے شرکت کی۔ سوشل میڈیا پر شیئر کی گئی تصاویر اور ویڈیوز میں دیکھا جا سکتا ہے کہ مایوں کی اس تقریب میں سجاوٹ سے لے کر ملبوسات میں روایتی پیلا رنگ نمایاں رہا۔ انڈسٹری کی ابھرتی ہوئی اداکارہ اب جلد شادی کے بندھن میں بندھنے کو تیار ہیں، ان کی جانب سے اچانک مایوں کے اعلان نے ان کے مداحوں کو چونکا دیا ہے۔ مایوں کے اعلان کے بعد مداحوں اور ساتھی فنکاروں کی جانب سے مبارک باد کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے۔ حریم سہیل ڈرامہ سیریل گھسی پٹی محبت، بد دعا اور اقتدار جیسے ڈراموں میں اداکاری کے جوہر دیکھا چکی ہیں۔

اداکار خوشحال خان کا باکسنگ کی دنیا میں قدم، حریف کو دھول چٹا دی

لاہور (شوبز رپوٹر) پاکستانی اداکار خوشحال خان نے اداکاری کے ساتھ ساتھ باکسنگ کی دنیا میں بھی قدم رکھ دیا۔ لاہور میں باکسنگ کا ایک عالمی مقابلہ ہوا جس میں اداکار خوشحال خان بھی رنگ میں اترے اور انہوں نے اپنے حریف بشر خان کو دھول چٹائی۔ خوشحال خان کی باکسنگ کی یہ ویڈیو سوشل میڈیا پر بھی وائرل ہو رہی ہے جس میں انہیں کامیابی پر خوشی مناتے دیکھا جا سکتا ہے۔ خوشحال خان کو بھرپور سپورٹ کرنے ان کے دوست اداکار علی رضا اور سحر حیات بھی موجود تھیں جنہوں نے اداکار کی کامیابی کا جشن منایا۔ اداکار کی اس کامیابی پر ان کے مداحوں کی جانب سے انہیں سراہا جا رہا ہے۔



اداکارہ ارچنا پورن سنگھ فلم کی شوٹنگ کے دوران زخمی، ہاتھ فریکچر ہو گیا

رچنا شوٹنگ کے دوران سیٹ پر گر کر زخمی ہوئیں اور ان کی چیخیں سنائی دیں



ممبئی (شوبز ڈیسک) 3 دہائیوں سے بھارتی فلم انڈسٹری میں کام کرنے والی اداکارہ ارچنا پورن سنگھ نے انکشاف کیا ہے کہ وہ فلم کی شوٹنگ کے دوران زخمی ہوئیں اور ان کے ہاتھ میں فریکچر ہو گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ارچنا پورن سنگھ نے یوٹیوب پر اپنے ایک وی لاگ میں شوٹنگ کے دوران زخمی ہونے کی تفصیلات شیئر کیں اور تھوڑی جھلکیاں انسٹاگرام پر بھی جاری کیں۔ ارچنا پورن سنگھ نے بتایا کہ وہ گزشتہ دنوں اداکار راج کمار را کے ساتھ اپنی آنے والی فلم کی شوٹنگ کے دوران سیٹ پر زخمی ہوئیں اور ان کی کلائی ٹوٹ گئی۔ جس کے بعد انہیں فوری طور پر ممبئی میں اسپتال لے جایا گیا، جہاں ان کی سرجری کی گئی۔ وی لاگ میں دیکھا گیا کہ ارچنا شوٹنگ کے دوران سیٹ پر گر کر زخمی ہوئیں اور ان کی چیخیں سنائی دیں۔ ان کی ٹیم کے ارکان فوراً ان کی مدد کے لیے جمع ہوئے اور انہیں اسپتال پہنچایا اور ان کے شوہر پرمیت سیٹھی کو واقعے کی اطلاع دی۔

میں نے پہلی تشہیر سے 20 ہزار روپے کمائے تھے، اداکارہ اریج چوہدری



لاہور (شوبز رپوٹر) اداکارہ اریج چوہدری نے انکشاف کیا ہے کہ شوبز انڈسٹری میں پہلے آڈیشن سے لے کر آج تک متعدد بار غیر اخلاقی آفرز موصول ہو چکی ہیں۔ پاکستان انڈسٹری کی ابھرتی اداکارہ اریج چوہدری نے حال ہی میں ایک انٹرویو دیا ہے جس میں انہوں نے اپنی نجی، پیشہ ورانہ، محبت اور مس پاکستان بننے کے سفر سے متعلق بات کی۔ مشہور ڈرامہ سیریل کبھی میں کبھی تم کی اداکارہ نے انکشاف کیا ہے کہ پہلے آڈیشن پر ہی ڈائریکٹر نے کہہ دیا تھا کہ مجھے بہت ساری ماڈلز نے گرین سگنل دیا ہے، آپ نے گرین سگنل نہیں دیا، آپ کو کام کے لیے کیسے منتخب کر لوں؟ اداکارہ نے دعوی کیا ہے کہ مجھے کچھ روز قبل ہی ایک نامور ڈائریکٹر نے میسج کیا تھا کہ ایک بار صرف مل لیں، آپ کو 3 لاکھ روپے ادا کیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں نے پہلی تشہیر سے 20 ہزار روپے کمائے تھے۔ دیگر موضوعات پر بات کرتے ہوئے اریج چوہدری نے کہا کہ کراچی شہر دوسرے شہروں کے مقابلے میں بہت مہنگا ہے، کراچی میں کسی اچھی جگہ رہنا بھی بہت مشکل اور مہنگا پڑ جاتا ہے، میں اپنی شخصیت، بیوٹی اور رہن سہن پر ماہانہ 5 لاکھ روپے تک خرچ کر دیتی ہوں۔ اداکارہ کا کہنا ہے کہ اداکاری کے شعبے سے آپ جتنا کماتے ہیں اس سے کہیں زیادہ آپ کا اپنی ذات پر خرچہ ہو جاتا ہے۔ انٹرویو کے دوران اریج چوہدری نے انکشاف کیا کہ نامور اداکار حمزہ علی عباسی کی والدہ میرے والد کی رشتے دار ہیں مگر میں نے آج تک اداکار سے کبھی کوئی فائدہ نہیں لیا ہے۔ اداکارہ اریج چوہدری نے انٹرویو کے دوران شوبز انڈسٹری میں غیر اخلاقی مطالبات، ماڈلز کے استحصال اور کام کے بدلے فیور مانگنے کے کلچر پر بھی کھل کر بات کی ہے۔



کو پیرس فیشن ویک کے حصے کے طور پر ایک ماڈل انکلوور Couture Haute Spring-Sumer 2025 شو کے دوران رن وے پر چل رہی ہے۔ پیرس، فرانس میں۔



Nurk Marie-Lou جنوری کو Vendome Pavillon میں پیرس فیشن ویک کے حصے کے طور پر Spring-Sumer Couture Haute Couture Yanina 2025 شو میں شرکت کر رہی ہیں۔

معمر رانا پاکستان کے سلمان خان، غلط ہاتھوں میں ہونے پر تشویش ہے، میرا

کراچی (شوبز رپوٹر) اداکارہ میرا نے معمر رانا کو پاکستان کا سلمان خان قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ معمر رانا غلط ہاتھوں میں ہیں جس پر تشویش ہے ان کیلئے فکر مند ہوں۔ سوشل میڈیا پر معمر رانا کی ویڈیو سامنے آنے کے بعد اداکارہ میرا ان کیلئے پریشان ہو گئیں۔ اداکارہ نے معمر رانا کو پاکستان کا قیمتی اثاثہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کی حفاظت اور دیکھ بھال ہماری ذمہ داری ہے وہ پاکستان کے سلمان خان ہیں لیکن وہ شائد غلط ہاتھوں میں ہیں جس پر تشویش ہے ان کیلئے بہت فکر مند ہوں۔ میرا نے امید ظاہر کی کہ معمر رانا کے بے شمار مداح ان کے ساتھ کھڑے ہوں گے اور ان کی فلم باپ دیکھنے ضرور جائیں گے، جو اس وقت سینما گھروں میں نمائش کیلئے پیش کی جا رہی ہے۔



مجھے اپنے چھوٹے قد سے ڈر تھا: بھارتی سپر اسٹار، مسٹر پرفیکشنسٹ عامر خان

ممبئی (شوبز ڈیسک) بھارتی سپر اسٹار، مسٹر پرفیکشنسٹ عامر خان نے انکشاف کیا ہے کہ کیریئر کی شروعات میں انہیں اپنے چھوٹے قد کے سبب ڈر تھا کہ عوام انہیں اسکرین پر قبول نہیں کریں گے۔ نانا پاٹیکر نے گزشتہ ماہ عامر خان کے لیے اپنی تازہ ترین فلم و نواس کی خصوصی اسکریننگ کے لیے میزبانی کی۔ اس موقع پر لیجنڈ فنکاروں نے خوش گوار ماحول میں گفتگو کی۔ نانا پاٹیکر نے اداکار سے دریافت کیا کہ کبھی چھوٹے قد کی وجہ سے احساسِ کمتری کا شکار ہوئے ہیں سوال کے جواب میں عامر خان نے بتایا کہ میں شروع میں سوچتا تھا کہ چھوٹے قد کے سبب مجھے اسکرین پر قبول نہیں کیا جائے گا مگر یہ سب میرا وہم و خیال تھا، ان سب چیزوں سے کچھ فرق نہیں پڑتا۔ اس پر نانا پاٹیکر نے ہنستے ہوئے کہا کہ آپ پھر شکل و صورت کے اچھے ہیں، میں تو اپنے چہرے کو لے کر خود کو بہت کمتر محسوس کیا کرتا تھا، اس چہرے سے میں نے 50 سال تک اس انڈسٹری میں کام کیا ہے، اچھا کام میری کامیابی کا سبب بنا۔ عامر خان نے کہا کہ ہمیں اپنی کمی محسوس بہت زیادہ ہوتی ہے مگر اچھے کام کے سامنے یہ چیزیں معنی نہیں رکھتیں، اگر آپ خلوص اور دل سے صرف اپنا کام کریں تو باقی سب چیزیں اہمیت نہیں رکھتیں۔ عامر خان نے اس دوران ایوارڈز شو میں شرکت نہ کرنے پر بھی بات کی۔ ان کا کہنا ہے کہ ایوارڈز شو میں جانا مجھے مناسب نہیں لگتا، یہ کوئی دوڑ کا مقابلہ تھوڑی ہے جو جیتا اسے ایوارڈ مل گیا، آپ دو فنکاروں اور ان کے کام کے درمیان فرق کیسے کر سکتے ہیں مجھے نہیں سمجھ آتا کہ کس بنیاد پر ایوارڈز دیے جاتے ہیں عامر خان نے یہ بھی کہا کہ بھارت میں ایوارڈز اچھے کام کے بجائے اچھے نام پر دیا جاتا ہے۔

یوکرینی اداکار پونزی اسکینڈل میں گرفتار، سینکڑوں افراد کو دھوکہ دیا گیا

ممبئی (شوبز ڈیسک) ممبئی میں پونزی اسکیم کے ذریعے سینکڑوں لوگوں کو دھوکہ دینے کے الزام میں ایک یوکرینی اداکار ارمین اٹائن کو گرفتار کر لیا گیا۔ اس اسکینڈل کے تحت لوگوں کو قیمتی پتھروں، سونے اور چاندی میں سرمایہ کاری پر بھاری منافع کا لالچ دیا گیا تھا۔ ٹوریس جیولری نے فروری 2024 میں ممبئی اور اس کے مضافات میں چھ اسٹورز کھولے تھے۔ یہ اسٹورز قیمتی جواہرات بیچنے کے ساتھ ساتھ ایک بونس اسکیم کی پیشکش بھی کر رہے تھے، جس میں 1 لاکھ روپے کی سرمایہ کاری پر 10 ہزار روپے کے قیمتی پتھر کا لاکٹ دیا جاتا تھا۔ سرمایہ کاروں کو 6 فیصد سالانہ منافع دینے کا وعدہ کیا گیا تھا، جو بعد میں 11 فیصد تک پہنچا دیا گیا۔ شروعات میں سرمایہ کاروں کو کچھ ادائیگیاں کی گئیں، لیکن دو ماہ قبل یہ ادائیگیاں بند ہو گئیں۔ اس ماہ کے آغاز میں، کمپنی نے یوٹیوب پر ایک ویڈیو جاری کرتے ہوئے اعلان کیا کہ 5 جنوری تک سرمایہ کاری کرنے والوں کو 11 فیصد منافع ملے گا، لیکن اگلے دن تمام اسٹورز اچانک بند کر دیے گئے۔ اس اسکینڈل کے زیادہ تر متاثرین متوسط طبقے کے لوگ، سبزی فروش اور چھوٹے تاجر ہیں۔ ایک اندازے کے مطابق، صرف سات شکایت کنندگان نے پولیس کو بتایا کہ انہوں نے مجموعی طور پر 13 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی تھی۔ ایک متاثرہ خاتون نے بتایا کہ اسکیم کے بروشر میں کمپنی کے GST اور CIN نمبر درج تھے، جس سے انہیں اعتماد ہوا۔

60 برس کا ہونے والا ہوں مگر 30 کا لگتا ہوں، شاہ رخ خان کی دبئی میں مداحوں سے گفتگو

دبئی (شوبز ڈیسک) دبئی کے گلوبل ولیج میں تقریب کے دوران بالی ووڈ سٹار شاہ رخ خان نے مداحوں سے ملاقات کی جس کی ویڈیوز اور تصاویر سوشل میڈیا پیجز پر وائرل ہو رہی ہیں۔ ایک ویڈیو میں شاہ رخ خان نے مزاحیہ انداز میں کہا میں اس سال 60 کا ہونے جا رہا ہوں، لیکن لگتا 30 کا ہوں، ان کے اس تبصرے پر حاضرین نے پرجوش ردعمل دیا۔ شاہ رخ خان اس وقت سدھارتھ آنند کی فلم کنگ کی شوٹنگ کر رہے ہیں، جس میں ان کے ساتھ ان کی بیٹی سہانا خان اور ابھیشیک بچن بھی شامل ہیں۔ تقریب کے دوران، شاہ رخ خان نے فلم کے بارے میں زیادہ تفصیلات بتانے سے گریز کیا لیکن یہ یقین دلایا کہ یہ فلم شائقین کو محظوظ کرے گی۔ شاہ رخ خان نے تقریب میں اپنی مشہور فلموں جوان، دل والے دلہنیا لے جائیں گے، ڈان اور جب تک ہے جاں کے ڈائیلاگز مداحوں کو سنائے اور اپنے مشہور گانوں پر رقص بھی کیا۔



جو لوگ کہتے ہیں مجھے اللہ اللہ کرنا چاہیے، انہیں کیا تکلیف ہی بشریٰ انصاری کا ناقدین کو جواب

کراچی (شوبز رپوٹر) پاکستان شوبز انڈسٹری کی لیجنڈری اداکارہ بشریٰ انصاری نے خود پر تنقید کرنے والے صارفین کو جواب دیا ہے۔ واضح رہے کہ دیگر فنکاروں کی طرح بشریٰ انصاری بھی وی لاگنگ کرتی ہیں، وہ اپنے چینل پر اکثر اوقات ہی گھریلو، شادی شدہ لڑکیوں، دامادوں اور معاشرتی مسائل پر بات کرتی نظر آتی ہیں۔ 68 سالہ اداکارہ نے حال ہی میں اپنے وی لاگ میں اپنی چلبلی شخصیت، دوسری شادی اور اس پر ہونے والے تنقید پر بات کی ہے۔ اداکارہ نے کہا کہ لوگ مجھے کہتے ہیں اس عمر میں مجھے اللہ اللہ کرنا چاہیے، میں دن میں 5 بار اللہ اللہ کرتی ہوں، ہر کسی کا اپنا انداز ہے اللہ کو یاد کرنے کا۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں پوچھتے ہیں کہ آپ نے 36 سال بعد شادی کیسے کر لی اس پر میں سب کو کہتی ہوں کہ میں نے شادی کی نہیں، ہو گئی، اللہ نے لکھا تھا اس عمر میں میری شادی ہونا۔



روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

لودھی ہاؤس، ہڑپہ میں مرحوم خان محمد ارشد خان کی برسی عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) لودھی ہاؤس، ہڑپہ میں مرحوم خان محمد ارشد خان لودھی (سابقہ سینئر وزیر مال وزراعت پنجاب) کی برسی عقیدت و احترام کے ساتھ منائی گئی۔ ہزاروں افراد، بشمول معزز سیاسی وسماجی اور روحانی شخصیات، نے اس موقع پر شرکت کر کے مرحوم کی بے مثال خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ اس برسی میں نہ صرف عوام کی بڑی تعداد موجود تھی بلکہ کئی نامور شخصیات نے بھی خصوصی شرکت کی جن میں ملک محمد ارشد (ایم پی اے) 200 PP رانا ریاض احمد خان (ایم پی اے) 202 PP ملک سعید احمد کھلہ صدر ڈسٹرکٹ بار ساہیوال ملک سکندر علی کھلہ سابقہ ناظم سید اصغر علی شاہ گیلانی المعروف چن پیر صاحب سید رضا محی الدین گیلانی سید ضیا محی الدین گیلانی پیر آفتاب حسین شاہ گیلانی آف ساوے جھنڈے والے و دیگر معززین شہر نے شرکت کی اور مرحوم کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ محترمہ عائشہ ارشد خان لودھی صاحبہ اور جناب نوید اسلم خان لودھی (ایم پی اے) نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم خان محمد ارشد خان لودھی نہ صرف ایک عظیم سیاستدان تھے بلکہ وہ عوامی خدمت کے حقیقی علمبردار بھی تھے۔ ان کا وژن، قیادت، اور بے لوث محبت ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔

اس رمضان صاحب ثروت افراد عام شہریوں کیلئے بچت بازار سجائیں۔ وقاص اکرم اعوان

مفت دسترخوان پر 1 شخص مستفید ہوتا جبکہ اسکا کنبہ کیا کرتا ہے، سماجی شخصیت



سیالکوٹ (بیورو چیف) صاحب حیثیت لوگوں سے درخواست ہے کہ امسال مفت سحر و افطار کے دسترخوان سجانے کی بجائے بچت بازار سجائے جائیں کہ مفت دسترخوان پر محتاجین تو کھانا کھا لیتے ہیں مگر کیا پتہ انکے بیوی بچے بھوکے سوتے ہوں؟ اللہ کی رضا کیلئے مخلوق الحال مخلوق میں سحر و افطار کے اوقات میں مفت کھانا تقسیم کرنے والے مخیر لوگ ایک سستا بازار قائم کر سکتے ہیں جہاں مہنگی اجناس و اشیائے خورد و نوش سبسڈائز کر کے عوام الناس کو مہیا کی جا سکتی ہیں۔ اس سے سفید پوشوں کی خودداری بھی قائم رہے گی کیونکہ اگر کوئی سفید پوش آپ کے دسترخوان سے مفت نہیں کھانا چاہے تو کیا کرے ان باتوں کا اظہار معروف سماجی شخصیت و سابق سفیر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری وقاص اکرم اعوان آف سپیڈی ورلڈ وائیڈ نے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایسی کاوشوں سے سفید پوش طبقہ عزت نفس کے ساتھ اپنے گھر والوں کو اپنے حق حلال کی کمائی سے روزہ افطار کروانے کے قابل ہو سکے گا۔ اللہ ہمیں خود نمائی سے محفوظ سخاوت کی توفیق عطا فرمائے۔

زندگی ویلفیئر سوسائٹی (رجسٹرڈ) پاکستان کے زیر اہتمام فالکن پبلک سکول میں ساتواں مفت طبی کیمپ منعقد کیا گیا



وزیر آباد (نامہ نگار) زندگی ویلفیئر سوسائٹی (رجسٹرڈ) پاکستان کے زیر اہتمام فالکن پبلک سکول میں ساتواں مفت طبی کیمپ منعقد کیا گیا۔ افتتاح انجینئر نعیم قیصر نجمی اور سینئر صحافی نجیب اللہ ملک نے کیا، جبکہ بانی سوسائٹی صاحبزادہ سید آل محمد شاہ نے دیگر اراکین کے ساتھ مہمانوں کا استقبال کرتے ہوئے دعائے خیر کے ساتھ کیمپ کا آغاز کرایا۔ صاحبزادہ آل محمد شاہ نے تنظیم کی چار سالہ کارکردگی سے حاضرین کو آگاہ کیا اور بتایا اس سال سات میڈیکل کیمپ منعقد کیے گئے، جن میں ایک ہزار کے قریب مریضوں کو مفت علاج، دوائیں اور ٹیسٹ کی سہولت فراہم کی گئی۔ انجینئر نعیم قیصر نجمی نے زندگی ویلفیئر سوسائٹی کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ صحت کی سہولیات فراہم کرنا ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے

سمندری: حفاظ کرام کے اعزاز میں جامعہ فریدیہ قمر الاسلام کے زیر اہتمام عظیم الشان تقریب کا انعقاد

ہمیں قرآن سنت پر عمل کرتے ہوئے اپنی زندگی کو گزارنا چاہیے، سابق چیئرمین مفتی منیب الرحمن کا خطاب



سمندری (تحصیل رپورٹر) حفاظ کرام کے اعزاز میں جامعہ فریدیہ قمر الاسلام کے زیر اہتمام عظیم الشان تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں مرکزی رویت ہلال کمیٹی کے سابق چیئرمین مفتی منیب الرحمن نے خصوصی شرکت کی تقریب میں جامعہ کے طلباء، سادات کرام، مفتیان کرام، علماء کرام صحافی برادری سمیت مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی مفتی منیب الرحمن نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بچوں کو انجینئر، ڈاکٹر، بنانے کیساتھ ساتھ حافظ قرآن بھی بنائیں حافظ قرآن آخرت میں والدین کی بخشش کا ذریعہ بنتے ہیں گھروں میں دینی ماحول پیدا کریں تاکہ بچے دین اور اسلام کی جانب راغب ہوں انہوں نے کہا کہ ہمیں قرآن سنت پر عمل کرتے ہوئے اپنی زندگی کو گزارنا چاہیے، تقریب میں 10 طالبات سمیت 27 طلباء کی دستار بندی و اسناد تقسیم کی گئیں مہتمم جامعہ فریدیہ قمر الاسلام مفتی غلام فرید سیالوی نے تقریب میں تشریف لانیوالے شرکاء کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ہم اللہ پاک کا شکر ادا کرتے ہیں کہ اہلیان سمندری کے تعاون سے آج کا یہ پروگرام کامیاب ہوا آخر میں ملک وقوم کی سلامتی ترقی وخوشحالی کے لیے دعا بھی کی گئی۔

جماعت اہلسنت پاکستان صوبہ پنجاب کے زیر اہتمام پیر سید منظور احمد شاہ بخاری کے 16 ویں عرس کی تقریبات



عارفوالا (نمائندہ قوت) جماعت اہلسنت پاکستان صوبہ پنجاب کے زیر اہتمام صوبائی امیر پنجاب سجادہ نشین منظور العارفین سید خلیل الرحمن شاہ بخاری کی سرپرستی میں عارفوالا کے نواحی علاقہ 71 ای بی کھیکواں شریف کے معروف صوفی بزرگ روحانی پیشوا پیر طریقت رہبر شریعت باباجی پیر سید منظور احمد شاہ بخاری رحمۃ اللہ آستانہ عالیہ منظور العارفین کھیکواں شریف کے 16 ویں سالانہ عظیم الشان عرس مبارک کی دو روز تقریبات اختتام پزیر ہوئیں عرس مبارک کی تمام رسومات کو عقیدت و احترام سے منایا گیا عرس مبارک تین نشستوں، تاجدار ختم نبوت کانفرنس، جلسہ معراج النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور جلسہ دستار فضیلت کے حوالہ سے شاندار محافل کا انعقاد کیا گیا عرس مبارک کے شرکاء میں دیوان احمد مسعود چشتی، پیر غلام قطب الدین اور باباجی فقیر محمد تھے عرس مبارک میں معروف مزہبی سکالر حضرت پیر زادہ محمد ثاقب رضا مصطفائی علامہ فاروق خاں سعیدی، علامہ محمد حامد سرفراز رضوی، علامہ بشیر احمد فردوسی، سراج الدین صدیقی، علامہ ملازم حسین ڈوگر، ادبی اور دینی خدمات سمیت تقویٰ اور عشق رسولؐ کے موضوع پر روشنی ڈالی اور کہا کہ اولیاء اللہ نے ہمیشہ عشق مصطفےٰؐ اور خوف خدا کی بات کی اور کہا کہ واقعہ معراج النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا جلیل القدر معجزہ ہے۔

پاکستانی قوم بالخصوص مسیحی قوم کو اپنی افواج پاکستان پر اور سیکورٹی اداروں کی کارکردگی پر فخر ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستانی قوم بالخصوص مسیحی قوم کو اپنی افواج پاکستان پر اور سیکورٹی اداروں کی کارکردگی پر فخر ہے دہشت گردی کی جنگ میں ہمارے اداروں نے بڑی قربانیاں دی ہیں دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اداروں کا کردار قابل تحسین ہے انشاءاللہ ہم سب مل کر پاکستان کو امن کا گہوارہ بنائیں گے پوری قوم کو بالخصوص مسیحی قوم کو افواج پاکستان اور اپنے تمام اداروں پر فخر ہے دہشت گردی کی جنگ میں ہمارے اداروں نے بڑی قربانیاں دی ہیں اور انشاءاللہ ہم پاکستان کو امن کا گہوارہ بنائیں گے ان خیالات کا اظہار کرتے ہوئے پاسٹر پرویز قصر وائس چیئرمین چنیوٹ بین المسالک بین المذہب رواداری کونسل نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ افواج پاکستان ہماری سرحدوں کی محافظ ہے افواج پاکستان کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا ہر مشکل حالات میں ہمارے سیکورٹی اداروں نے اپنا بھرپور کردار ادا کیا دہشت گردی کے خاتمے کے سلسلہ میں افواج پاکستان تمام سیکورٹی ادارے احساس ادارے اور پولیس کا کردار قابل تحسین ہیں بیرونی طاقتیں پاکستان کے حالات خراب کرنا چاہتی ہیں ہم سب مل کر ان سازشوں کو ناکام بنائیں گے انہوں نے مزید کہا کہ تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علماء کرام اور سول سوسائٹی کے لوگ آگے بڑھ کر حکومت اور اپنے اداروں کا ساتھ دیں اللہ تعالیٰ ہمارے ملک کو اپنے حفظ و امان میں رکھے اور ہمیشہ اسے سلامت رکھے۔

آل پاکستان آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن کے کارکنوں کا ماچھیکے آئل ڈپو کے باہر حکومت کے خلاف احتجاج کیا



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) آل پاکستان آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن کے کارکنوں کا ماچھیکے آئل ڈپو کے باہر حکومت کے خلاف احتجاج کیا کارکنوں نے شدید نعرے بازی کی آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن کے صدر ناصر حسین منج کی قیادت میں حاجی محمد ارشد، رانا فاروق حاجی بشارت، استاد اکرم، قربان علی ملک محمد مختار ندیم احمد، جاوید اختر اور سینکڑوں کارکنوں نے پی ایس او آئل ڈپو کے باہر احتجاج کرتے ہوئے حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ لاہور سمیت تمام بڑے شہروں میں آئل ٹینکرز کے داخلے پر لگائی جانے والی پابندی فوری طور پر ختم کی جائے تاکہ پٹرول سے بھرے آئل ٹینکرز کھی نہ کبھی بڑے حادثے کا شکار نہ ہو سکیں صدر ناصر حسین منج نے کہا کہ آئے روز کہیں بڑے حادثات کی وجہ سے متعدد افراد لقمہ اجل بن چکے ہیں جس میں شہری اور ڈرائیوروں کے خاندان متاثر ہوتے ہیں آئے روز روڈ پر ہمارے ساتھ ڈکیتیاں اور ڈرائیورز کو قتل کر دیا جاتا ہے جبکہ آئل ٹینکرز کو شہروں کے باہر ہی رات کی تاریکی میں کھڑا کر دیا جاتا ہے اور پولیس کی طرف سے کوئی تحفظ نہیں دیا جاتا آئل ٹینکرز میں چونکہ پٹرول ہوتا ہے ذرا سی بے احتیاطی سے جانی و مالی نقصان ہو سکتا ہے اگر ہمارے جائز مطالبات پورے نہ کیے گئے تو پنجاب سمیت ملک بھر میں پہیہ جام ہڑتال کی جائے گی۔

کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کا شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ

تجاوزات کے خلاف جاری مہم کا جائزہ، تاجروں کو اپنی حدود تک محدود رہنے کی ہدایت



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کا شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ، تجاوزات کے خلاف جاری مہم کا جائزہ، تاجروں کو اپنی حدود تک محدود رہنے کی ہدایت۔ تفصیلات کے مطابق کمشنر شعیب اقبال سید نے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے دیپالپور بازار، مزدور پلی، سٹی بند روڈ اور اندرون شہر کی گلیوں کا دورہ کیا اور تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کا جائزہ لیا۔ ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی اور میونسپل کارپوریشن کے افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے تاجروں کو ہدایت کی کہ اپنی حدود تک محدود رہیں تاکہ خریداری کے لئے آنے والوں کے لئے آسانی ہو۔ اس موقع پر شہریوں نے تجاوزات کے خاتمہ کے حوالے سے کمشنر شعیب اقبال سید اور پنجاب حکومت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ تجاوزات کے خاتمہ سے ٹریفک جام کے مسائل کافی حد تک حل ہو گئے ہیں۔

معراج مصطفیٰؐ اللہ تعالیٰ کے بے شمار احسانات وانعامات میں سے ایک نعمت ہے

وزیر آباد (نامہ نگار) معراج مصطفیٰؐ اللہ تعالیٰ کے بے شمار احسانات وانعامات میں سے ایک نعمت ہے، معراج نبی کریمؐ کا عظیم معجزہ ہے، جہاں حضور اکرمؐ کو پہنچایا وہاں کسی اور کو پہنچنے کا شرف حاصل نہیں، معراج رحمتوں، برکتوں اور حکمت والی رات ہے معراج والی رات حضور نبی کریمؐ کو معراج کا شرف حاصل ہوا، اس مقدس سفر کے دوران حضور اکرمؐ مکہ سے مسجد اقصیٰ گئے اور وہاں پر تمام انبیاء کرام کی امامت فرمائی اور بارگاہ الٰہی میں مالک دو جہاں سے رازو نیاز کی باتیں ہوئیں، حضرت محمد مصطفیٰؐ کو پروردگار عالم نے جو عزت وشرف ومقام عطاء کیا وہ آپ کا ہی حصہ ہے آپ اللہ رب العزت کی محبوب ہستی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پیر مقصود احمد محمد ریاض وائیں والے نے معراج النبیؐ کے سلسلہ میں منعقدہ محفل سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

سیاست اگر محاذ آرائی کا شکار رہی تو ملکی مسائل مزید بڑھیں گے: رفیق فضل

وزیر آباد (نامہ نگار) چیئرمین الفضل سوسائٹی کیپٹن (ر) ڈاکٹر محمد رفیق فضل نے کہا ہے کہ سیاست اگر محاذ آرائی کا شکار رہی تو ملکی مسائل مزید بڑھیں گے اور عوام کا سیاستدانوں پر رہا سہا اعتماد بھی ختم ہو جائیگا، پاکستان نہایت نازک دور سے گزر رہا ہے ملک میں جاری سیاسی عدم استحکام ملک وقوم کے حق میں نہیں سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھ کر درپیش مسائل اور بحرانوں سے نجات کیلئے کردار ادا کرنا ہوگا، جو سیاسی قائدین ملک وقوم کے مفادات کی تکمیل کیلئے کردار ادا کرینگے باشعور پاکستانی قوم انہیں کبھی بھولے گی اور اپنے محسنوں کا بھرپور ساتھ دیگی ترقی و خوشحالی کے ایجنڈے کی تکمیل یقینی بنانا ہوگی، دور حاضر میں جدید ٹیکنالوجی کے بے جا استعمال نے نوجوان نسل کو گھروں کے اندر تک محدود کر دیا ہے ان کی ذہنی صلاحیتوں کی افزائش کیلئے مثبت تفریحی وثقافتی سرگرمیوں کا انعقاد بہت ضروری ہے تاکہ نوجوان اپنی پوشیدہ صلاحیتوں سے استفادہ کر سکیں۔

جہلم میں سوئی گیس صارفین کو موصول ہونیوالے گھریلو بلوں نے صارفین کی چیخیں نکلوا دیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم میں سوئی گیس صارفین کو موصول ہونیوالے گھریلو بلوں نے صارفین کی چیخیں نکلوا دیں۔ گھریلو صارفین کو رواں ماہ کے دو ہزار روپے سے لیکر دس ہزار روپے اور اس سے زائد کے گیس بلز موصول ہوئے جبکہ محدود شعبہ کے گیس بلز موصول ہوئے جبکہ محدود طبقہ اور غریب گھریلو صارفین "سر پکڑ کر بیٹھ گئے۔ بھاری بلوں کی ادائیگی مشکل ہو گئی رواں ہفتے سوئی گیس صارفین کو گزشتہ ماہ کے سوئی گیس کے بھاری رقوم کے بلز موصول ہوئے ہیں بل دیکھ کر غریب گھریلو صارفین بکے بکے رہ گئے اور سوئی گیس صارفین کو دن میں تارے نظر آنے لگے غریب لوگ اپنے ہمسائیوں اور محلہ داروں کو بلوں بارے پوچھتے اور دریافت کرتے نظر آئے جبکہ کاروباری افراد ہوٹلز مالکان کو بھی لاکھوں روپے کے بلز موصول ہوئے مالکان کو بھی موصول ہونے والے سوئی گیس بلوں نے چکرا کر رکھ دیا۔ اس حوالے سے گھریلو غریب صارفین کا کہنا ہے کہ گیس آتی نہیں مگر محکمہ گیس ہزاروں روپے کے بلز بھجوا دیتے صبح دوپہر اور رات کے اوقات میں چار گھنٹے بھی تواتر کے ساتھ گیس میسر نہیں ہوتی سارا دن اور رات چولہے ٹھنڈے رہتے ہیں۔ مگر حکومت کی جانب سے گیس کی قیمت بڑھا کر غریب لوگوں کو بلز بھجوائے جا رہے ہیں۔

صحافیوں نے جمہوریت ہو یا آمریت ہمیشہ حق وسچ کا علم بلند رکھا، چوہدری مستقیم مہار

حکومت کو پیکا ایکٹ کے حوالے سے صحافیوں کے تحفظات کو دور کرنا چاہئے، رہنما پی پی 104



سمندری (تحصیل رپورٹر) پیکا ایکٹ کی منظوری کے بعد ملک بھر کے صحافی سراپا احتجاج ہیں جبکہ جمہوری حکمرانوں کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگ رہی، موجودہ حکمرانوں نے سوشل میڈیا کی آڑ میں ورکنگ صحافیوں کی زبان بندی کرنے کی جو کوشش کی ہے اس میں وہ کبھی کامیاب نہیں ہو سکیں گے، صحافیوں نے جمہوریت ہو یا آمریت ہمیشہ حق و سچ کا علم بلند رکھا اور مبنی بر حقائق خبروں، تجزیوں، تبصروں سے عوام کو آگاہ رکھا۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف حلقہ پی پی 104 کے رہنما چوہدری مستقیم مہار نے صحافیوں سے بات چیت کے دوران اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر پیکا ایکٹ کی منظوری کے بعد حکومت کی جانب سے لگائے جانیوالے آزاد صحافت کے نعرے کی قلعی بھی کھل چکی ہے۔ مزید کہا کہ موجودہ حکمرانوں کو پیکا ایکٹ کے حوالے سے صحافیوں کے تحفظات کو دور کرنا چاہئے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف تعلیم کے شعبے میں انقلابی تبدیلی کی لیے کوشاں ہیں: خالد نذیر وٹو

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سیکرٹری تعلیم پنجاب خالد نذیر وٹو نے جامعہ الدعوہ الاسلامیہ میں "تقریب تکمیل صحیح بخاری" کے دوران طلباء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف تعلیم کے شعبے میں انقلابی تبدیلی کی لیے کوشاں ہیں اور ان کے ویژن کے مطابق سکول کی سطح پر ٹیکنیکل مضامین کے ذریعے بیروزگاری ختم کی جا رہی ہے روائتی سکولوں کے بعد مدارس سکولوں میں بھی ٹیک ایجوکیشن متعارف کرائیں گے تاکہ دنیا میں ہماری ایماندار لیبر کی ڈیمانڈ میں اضافہ ہو سکے ان کا گورنمنٹ تقریب میں سی ای او ایجوکیشن شیخوپورہ نعیم عباس رانا ایڈیشنل ڈائریکٹر مذہبی تعلیم ذکی احمد ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر رانا بختیار کے ہمراہ پر وقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہنا تھا کہ علم کا حصول معاشرے کی خدمت کا راستہ ہے، قرآن وحدیث ہمیں سائنسی اور بین الاقوامی تعلقات کے علوم سے نہیں روکتی انہوں نے طلباء کو پیغام دیا کہ وہ عملی زندگی میں ہر طرح کا علم حاصل کریں حکومت پنجاب تعلیم کے شعبے میں نئے نئے اقدامات کر رہی ہے اور ہم مدارس سکولوں میں بھی ٹیک ایجوکیشن متعارف کرانے کے لئے کوشاں ہیں دینی مدارس کے فارغ التحصیل طلباء زیادہ ایماندار ہنر مند ثابت ہو سکتے ہیں۔

یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر "کشمیر کبڈی کپ" کا میدان سجے گا



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر "کشمیر کبڈی کپ" کا میدان سجے گا اس سلسلے میں کبڈی کے شاندار میچ پانچ فروری کو ایف ڈی اے سٹی کے پیورٹس گراؤنڈ میں منعقد ہونگے جس میں کبڈی کی چار نامور ٹیمیں حصہ لیں گی جن میں کبڈی کے قومی وبین الاقوامی کھلاڑی شامل ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری نے کشمیر کبڈی کپ کے انعقاد کیلئے انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے یاسر اعجاز چٹھہ، پراجیکٹ ڈائریکٹر/ ڈائریکٹر اسٹیٹ مینجمنٹ ٹو سہیل مقصود بٹوں و دیگر افسران موجود تھے۔

ظفروال سابق چیئرمین یونین کونسل ڈنگہ تجمل سیٹھی کے قتل کا فیصلہ

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق تھانہ لیسر کلاں کے مشہور مقدمہ قتل کا فیصلہ ایڈیشنل سیشن جج جہانزیب چٹھہ نے سنایا۔ 16 نومبر 2023 کو سابق چیئرمین ڈنگہ یونین کونسل چوہدری تجمل حسین سیٹھی کو ظفروال کچہری سے واپسی پر لگوال منہاساں کے قریب ملزمان نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا۔ ایڈیشنل سیشن جج جہانزیب چٹھہ نے مقدمہ قتل کا فیصلہ سناتے ہوئے دو ملزمان باقر اور لطیف کو پچیس پچیس سال قید کا حکم سنایا اور تین ملزمان سابق وائس چیئرمین شہزاد۔ عارف حسین اور محمد طاہر کو باعزت بری کرنے کا حکم سنایا

اسلامک رائیٹرز موومنٹ پاکستان نے سال 2025ء کے لئے صوبہ پنجاب کے ذمہ داران کا اعلان کر دیا

ظفروال (زاہد چوہدری سے) اسلامک رائیٹرز موومنٹ پاکستان نے سال 2025ء کے لئے صوبہ پنجاب کے ذمہ داران کا اعلان کر دیا جس کے تحت سینئر صحافی محمد بابر قیوم کو سرپرست، نائب سرپرست عرفان اللہ اختر، صدر حکیم محمد زکریا عاصم، نائب صدر شکیل احمد ظفر، سیکرٹری جنرل عبدالجبار سلہری، ڈپٹی سیکرٹری محمد عزیر گل، سیکرٹری اطلاعات آفاق نقشبندی، ڈیجیٹل میڈیا سیل انچارج رانا اسد منہاس کو منتخب کیا گیا۔ مرکزی چیئرمین اسلامک رائیٹرز موومنٹ پاکستان جناب حفیظ چوہدری نے نو منتخب ذمہ داران کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ یہ قیادت اسلام کی سربلندی، قلمی انقلاب اور فکری اصلاح کے لیے اپنے مشن پر کاربند رہے گی اسلامک رائٹرز موومنٹ پاکستان کا ہر فرد علم، تحقیق، ملک پاکستان اور اسلامی نظریات کے فروغ کے مقدس مشن کا حصہ ہے۔ یہ باڈی اپنی تحریروں کے ذریعے سچائی اور مثبت سوچ کو عام کرنے کے لیے پر عزم ہے۔ اسلامک رائٹرز موومنٹ پنجاب کی صوبائی باڈی میں باصلاحیت، نظریاتی طور پر وابستہ، اور مخلص قیادت شامل ہے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ستھرا پنجاب مہم ضلع اوکاڑہ کی تینوں تحصیلوں میں پوری شدومد کے ساتھ جاری

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ستھرا پنجاب مہم ضلع اوکاڑہ کی تینوں تحصیلوں میں پوری شدومد کے ساتھ جاری ہے۔ میونسپل کمیٹی، ضلع کونسل اور لوکل گورنمنٹ کی ٹیمیں شہر اور دیہات کی سطح پر صفائی ستھرائی میں مصروف عمل ہے ترجمان ضلعی انتظامیہ نے کہا ہے کہ ستھرا پنجاب مہم کے تحت فیلڈ ٹیمیں روزانہ کی بنیاد پر کوڑے کرکٹ کے ڈھیر اٹھانے، صفائی ستھرائی، سیوریج لائنوں کی بحالی کا کام کر رہی ہیں کوڑے کے ڈھیر اٹھانے کے لئے بھاری مشینری کا استعمال بھی کیا جا رہا ہے۔ اہلیان اوکاڑہ ستھرا پنجاب مہم میں فیلڈ ٹیموں کا ساتھ دیں اور اپنے شہر وعلاقہ کو خوبصورت وصاف ستھرا بنانے میں اہم کردار ادا کریں۔

ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ حکومت پنجاب نے واسا فیصل آباد کی 3، ارب 25 کروڑ روپے سے زائد کی 5 ترقیاتی سکیموں کی منظوری دیدی ہے

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ حکومت پنجاب نے واسا فیصل آباد کی 3، ارب 25 کروڑ روپے سے زائد کی 5 ترقیاتی سکیموں کی منظوری دیدی ہے جن میں شرقی اور غربی حصوں میں سیوریج سسٹم کی امپروومنٹ، نیا موآنہ اور ینتھڑی کے علاقوں میں سیوریج سسٹم اور ڈرینج مشینری کی خریداری شامل ہے۔ ان منصوبوں کی تکمیل سے شہر کی 5 لاکھ سے زائد آبادی سیوریج کی معیاری سروسز سے مستفید ہوگی۔ محکمہ ہاؤسنگ پنجاب کی ڈیپارٹمنٹل ڈویلپمنٹ سب کمیٹی (ڈی ڈی ایس سی) کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں مینجنگ ڈائریکٹر واسا عامر عزیز کی طرف سے شہر کے مختلف علاقوں میں سیوریج سسٹم کی بہتری کے لئے واسا فیصل آباد کی جانب سے 5 ترقیاتی سکیموں کو پیش کیا گیا جن کی مالیت کا تخمینہ 3، ارب 25 کروڑ 50 لاکھ روپے لگایا گیا تھا۔ اجلاس میں ایم ڈی واسا عامر عزیز کی نمائندگی ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر انجینئرنگ ثاقب رضا نے کی

جماعت اسلامی نوجوانوں کی تربیت کیلئے بہترین کام کر رہی ہے: زاہد عمران

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) جماعت اسلامی نوجوانوں کی تربیت کیلئے بہترین کام کر رہی ہے نوجوانوں کو ہر مند بنانے کیلئے بنوقابل فری آئی ٹی اور اپنا روزگار جیسے پلان کارگر ثابت ہوں گے ضلع شیخوپورہ بھر میں بھرپور مہم چلائی گئی اب عملی کام کا وقت ہے ان خیالات کا اظہار جماعت اسلامی کے ضلعی صدر زاہد عمران کو روٹانہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا انہوں نے مزید کہا کہ ہم عملی طور پر کام کرنا جانتے ہیں جماعت اسلامی واحد جماعت ہے جو حکومت کے بغیر فلاحی کام میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہی ہے اس کے مثبت اثرات بھی واضح طور پر نظر آتے ہیں نوجوانوں کو ہنر مند بنانے اور غربت کے خاتمے کیلئے جماعت اسلامی کی کوششیں تاریخ میں سنہری حروف سے لکھی جائیں گی۔

دیپالپور اوکاڑہ میں ڈاکوؤں کے خلاف پولیس کی بروقت اور مؤثر کارروائی کے نتیجے میں ایک ڈاکو ہلاک



دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور اوکاڑہ میں ڈاکوؤں کے خلاف پولیس کی بروقت اور مؤثر کارروائی کے نتیجے میں ایک ڈاکو ہلاک ہوا یہ کارروائی ریجنل پولیس آفیسر محبوب رشید کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں کی گئی جنہوں نے ڈاکو ناکوں کے مسئلے پر قابو پانے کے لئے خصوصی اقدامات کی ضرورت پر زور دیا ڈی پی او راشد ہدایت نے انہی ہدایات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایس ڈی پی او ز کی رہنمائی میں مخصوص ٹیمیں تشکیل دیں اور اضافی سیکورٹی کے ساتھ گشت کے نظام کو مزید موثر بنانے کا حکم دیا واقعہ اوکاڑہ کے تھانہ صدر دیپالپور کے علاقے رائے پور پل کے قریب پیش آیا جہاں تین ڈاکو ناکہ لگانے کی کوشش کر رہے تھے۔ پولیس کے معمول کے گشت کے دوران، ان کی ڈاکوؤں سے مڈبھیڑ ہو گئی۔ ڈاکوؤں نے پولیس کو دیکھتے ہی مشتبہ موٹر سائیکل پر سوار ہو کر کچہ پکا کی طرف فرار ہونے کی کوشش کی اور پولیس پر اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی۔ پولیس نے اپنے دفاع میں بھی فوری جوابی کارروائی کی، جس کے نتیجے میں فائرنگ کے بعد ایک ڈاکو مردہ حالت میں ملا ہلاک ہونے والے ڈاکو کی شناخت شہزاد عرف شہزادی کے طور پر ہوئی

باپ کے ہاتھوں بیٹے کا قتل ایک فائر سے جاں بحق ملزم گرفتار



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) تھانہ سترا ہ میں سفاک بدبخت باپ نے معصوم بیٹا قتل کر دیا۔ میانوالی بنگلہ تھانہ سترا ہ سیالکوٹ کی حدود میں گھریلو تنازعے کے دوران افسوسناک قتل کا واقعہ پیش آیا جس میں ابراہیم نامی شخص نے غصے میں آ کر اپنے بیٹے علی شیر پر پستول سے فائر کر دیا، جس سے علی شیر موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔ مقتول کو ایک گولی لگی جو جان لیوا ثابت ہوئی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور ملزم کو گرفتار کر کے آلہ قتل پستول برآمد کر لیا۔ پولیس نے قانونی کارروائی کرتے ہوئے لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے ڈسکہ بھجوا دیا۔ افسوسناک واقعے پر علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا، جبکہ مقتول کے اہل خانہ غم سے نڈھال ہیں سیالکوٹ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ مزید تفتیش جاری ہے اور مقدمے کو میرٹ پر حل کیا جائے گا۔

ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ حکومت پنجاب نے واسا فیصل آباد کی 3، ارب 25 کروڑ روپے سے زائد کی 5 ترقیاتی سکیموں کی منظوری دیدی ہے

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ حکومت پنجاب نے واسا فیصل آباد کی 3، ارب 25 کروڑ روپے سے زائد کی 5 ترقیاتی سکیموں کی منظوری دیدی ہے جن میں شرقی اور غربی حصوں میں سیوریج سسٹم کی امپروومنٹ، نیا موآنہ اور ینتھڑی کے علاقوں میں سیوریج سسٹم اور ڈرینج مشینری کی خریداری شامل ہے۔ ان منصوبوں کی تکمیل سے شہر کی 5 لاکھ سے زائد آبادی سیوریج کی معیاری سروسز سے مستفید ہوگی۔ محکمہ ہاؤسنگ پنجاب کی ڈیپارٹمنٹل ڈویلپمنٹ سب کمیٹی (ڈی ڈی ایس سی) کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں مینجنگ ڈائریکٹر واسا عامر عزیز کی طرف سے شہر کے مختلف علاقوں میں سیوریج سسٹم کی بہتری کے لئے واسا فیصل آباد کی جانب سے 5 ترقیاتی سکیموں کو پیش کیا گیا جن کی مالیت کا تخمینہ 3، ارب 25 کروڑ 50 لاکھ روپے لگایا گ

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) جمعۃ المبارک 31 جنوری 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات ٹیکہ نجی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چائیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-36360003

بقیہ — **بقیہ جات** — **1**

ہوئے جام شہادت نوش کیا، جبکہ سپاہی محمد مہر شمس الدین نے اپنے اشہادت کے گلے لگا لیا۔ محکمہ مہر سارشد ہیدی کے 29 مئی سال ہی، اس کا تعلق ضلع راولپنڈی سے تھا، انہوں نے 9 سال تک وفاع وطن کا فریضہ انجام دیا، ان کے سوگوار ان میں والدہ شامل ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہیڈ مہر محمد شمس الدین شہید کی نماز جنازہ ادا کی جائے گی۔ سپاہی ثاقب شہید کا تعلق ضلع نصر آباد سے تھا، انہوں نے 6 سال تک وفاع وطن کا فریضہ انجام دیا، ان کے سوگوار ان میں والدین شامل ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سپاہی ثاقب شہید کی نماز جنازہ ادا کی جائے گی۔ سپاہی ثاقب شہید کی تدفین بھی شامل ہوئی تھی۔ ان کے پسماندگان میں بیوہ، والدین اور بہن بھائی شامل ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 26 مارچ سال ہی تک وفاع وطن کا فریضہ انجام دیا، ان کے سوگوار ان میں والدین شامل ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق نماز جنازہ میں مودود تمام فارغین میں کے ساتھ ادا کی جائے گی۔ سپاہی ثاقب شہید کی تدفین بھی شامل ہوئی تھی۔ ان کے پسماندگان میں بیوہ، والدین اور بہن بھائی شامل ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 26 مارچ سال ہی تک وفاع وطن کا فریضہ انجام دیا، ان کے سوگوار ان میں والدین شامل ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق نماز جنازہ میں مودود تمام فارغین میں کے ساتھ ادا کی جائے گی۔ سپاہی ثاقب شہید کی تدفین بھی شامل ہوئی تھی۔ ان کے پسماندگان میں بیوہ، والدین اور بہن بھائی

یورپی یونین ایمبیسیڈر کی وفد کے ہمراہ محکمہ انسانی حقوق و اقلیتی امور آمد

وفد کی صوبائی وزیر اقلیتی امور، رمیش سنگھ اروڑہ سے ایک اہم ملاقات، ملاقات میں اقلیتی حقوق کے تحفظ اور مذہبی سیاحت کے فروغ کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا

یورپی یونین کے وفد نے پنجاب حکومت کے اقلیتی حقوق کے تحفظ اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے لیے کیے گئے اقدامات کی تعریف کی

لاہور (خبر نگار) یورپی یونین کے ایمبیسیڈر راولف سکوگ، خصوصی عہدیدار برائے انسانی حقوق و اقلیتی امور، رمیش سنگھ اروڑہ سے ایک اہم ملاقات کی۔ وفد میں یورپین پولیٹیکل ایڈوائزر ڈوایس آروکٹز ویلک، فلپ اولیور گراس، ڈپٹی ایمبیسیڈر آف یورپی یونین ٹو پاکستان رکیہ کرسو، پولیٹیکل کونسلر مرٹا عبیدہ کوآپریشن سیکشن شامل تھے جبکہ سیکرٹری انسانی حقوق و اقلیتی امور علی بہادر قاضی اور ڈپٹی سیکرٹری رضوانہ نوید بھی ملاقات میں موجود تھے۔ ملاقات میں اقلیتی حقوق کے تحفظ اور مذہبی سیاحت کے فروغ کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے اقدامات کی تعریف کرتے ہوئے اقلیتی کارڈز کے اجراء، اقلیتی کمیونٹیز کے لیے اسکالرشپس اور مذہبی اقلیتی عبادت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)



یورپی یونین کے ایمبیسیڈر راولف سکوگ، خصوصی عہدیدار برائے انسانی کی قیادت میں وفد کی محکمہ انسانی حقوق و اقلیتی امور کے دورے کے موقع پر گروپ فوٹو

مہنگی بجلی آئی پی پیز مافیا کیخلاف کل ملک گیر مظاہرے دھرنے ہونگے، حافظ نعیم الرحمٰن

ہم حق کو بیان اور مسلسل جدوجہد کرتے رہیں گے، عوام کے حقوق کے لیے منظم طریقے سے آگے بڑھنے کی ضرورت ہے، پرامن مزاحمتی تحریک ری لانچ کر رہے ہیں

موجودہ حکمران فارم 47 اور اسٹیبلشمنٹ کی مدد سے اقتدار میں آئے ہیں، حالات بتا رہے ہیں کہ امریکا دنیا میں تنہا رہ جائے گا، امیر جماعت اسلامی کا شرکاء سے خطاب

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ مہنگی بجلی اور آئی پی پیز مافیا کے خلاف کل ملک گیر مظاہرے اور اہم شاہراؤں پر دھرنے ہوں گے، موجودہ حکمران فارم 47 اور اسٹیبلشمنٹ کی مدد سے اقتدار میں آئے ہیں، حالات بتا رہے ہیں کہ امریکا دنیا میں تنہا رہ جائے گا اور اس سے توقعات وابستہ رکھنے والے بھی ساتھ ڈوبیں گے، مقامی اور عالمی اسٹیبلشمنٹ کی طرف دیکھنے والے سیاست نہیں کر سکتے، مستقبل جماعت اسلامی کا ہے، ہم حق کو بیان اور مسلسل جدوجہد کرتے رہیں گے، عوام کے حقوق کے لیے منظم طریقے سے آگے بڑھنے کی ضرورت ہے، پرامن مزاحمتی تحریک ری لانچ کر رہے ہیں، عوامی کمیٹیاں بنا رہے ہیں، حکمرانوں کو بجلی سستی کرنا پڑے گی اور ناجائز ٹیکسز واپس لینا ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے منصورہ میں مرکزی تربیت گاہ کے شرکا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)



لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن منصورہ میں مرکزی تربیت گاہ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

قانون کے دائرے میں احتجاج سب کا حق ہے مگر ملک کیخلاف سازش، ریاست پر حملے قبول نہیں، افضل کھوکھر

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی ملک افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ قانون کے دائرے میں احتجاج سب کا حق ہے لیکن ملک کے خلاف سازش اور ریاست پر حملے قبول نہیں، پی ٹی آئی کا ملک دشمن ایجنڈا ہے، جب جب پاکستان آگے بڑھنے لگتا ہے تو انتشار پھیلانے کی دھمکی دی جاتی ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ 2014 میں جس طرح دھرنے دیئے گئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

پاکستانی پاسپورٹ، ہر ہفتے 3 ہزار ڈالر چاہئیں، امریکی خاتون کے مطالبات

محبت میں امریکہ سے کراچی آئی خاتون گارڈن میں واقع لڑکے کے گھر پہنچ گئی

کراچی (این این آئی) 19 سالہ نوجوان ندال احمد میمن کے گھر میں کوئی نہ ملا تو امریکی خاتون نے وہیں دھرنا دے دیا اور واپس جانے سے انکار کر دیا۔ خاتون عمارت کی پارکنگ میں بیٹھ گئی، عمارت کی انتظامیہ نے فلیٹ کے دروازے بند کر دیے۔ اس موقع پر ایک صحافی نے امریکی خاتون سے سوال کیا کہ آپ کس نوجوان سے شادی کرنا چاہتی ہیں؟ اس پر امریکی خاتون نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

پی ٹی آئی کے 8 فروری کو صوابی میں ہونیوالے جلسے کیلئے تیاریاں شروع

خیبر پختونخوا کے ہر ایم این اے کو 500 سے زائد ورکرز نکالنے کی ہدایت کی گئی ہے

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے 8 فروری کو صوابی میں ہونیوالے جلسے کیلئے تیاریاں شروع کر دیں۔ پارٹی ذرائع کے مطابق جلسے کیلئے تمام رہنماؤں کو ہدایات جاری کر دی گئیں، خیبر پختونخوا کے ہر ایم این اے کو 500 سے زائد ورکرز نکالنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ رہنماؤں پر مالی بوجھ کم کرنے کیلئے ورکرز کو خود گاڑیوں کا انتظام کرنے کی ہدایت کی گئی ہے، جلسے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)



لاہور: محنت کش نے فٹ پاتھ پر ہیلمٹ اور عینکیں فروخت کیلئے سجا رکھی ہیں

پنجاب: بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کیخلاف کارروائی تیز کرنے کے احکامات

رواں ماہ بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کو 9 کروڑ 80 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ نے صوبہ بھر میں بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کے خلاف کارروائی تیز کرنے کے احکامات جاری کرتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ تمام سی ٹی اوز اور ڈی ٹی اوز ہیلمٹ پر سختی سے عمل درآمد کروائیں۔ ترجمان کے مطابق رواں ماہ بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کو 9 کروڑ 80 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے، بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل چلانے والوں کے خلاف سخت ایکشن ہوگا۔ ہیلمٹ کی پابندی نہ کرنے پر لاہوریوں کو رواں ماہ 16 ہزار سے زائد چالان ٹکٹ جاری کیے گئے، ہیلمٹ کی خلاف ورزی پر ٹریفک پولیس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

صنعت کاروں اور تاجران کے حقوق کے تحفظ اور درپیش مسائل کے حل کے لئے کوشاں ہیں، یاسر قیوم

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سرگودھا کے صدر یاسر قیوم نے کہا کہ صنعت کاروں اور تاجران کے حقوق کے تحفظ اور درپیش مسائل کے حل کے لئے کوشاں ہیں اور سرگودھا کو مثالی شہر بنانے کے لئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایگزیکٹو ممبر حاجی ریحان اصغر کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانہ سے خطاب کرتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

قائمہ کمیٹی صنعت و پیداوار نے یوٹیلیٹی اسٹورز بند کرنے کی مخالفت کر دی

سید حفیظ الدین کی زیر صدارت قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے صنعت و پیداوار کے اجلاس میں یوٹیلیٹی اسٹورز کی بندش کے معاملے پر غور کیا گیا

اگر کرپشن کی بنیاد پر اداروں کو بند کریں گے تو پھر پورا ملک بند کرنا پڑے گا، اگر کوئی خرابی ہے تو دور کر لیں، راجہ پرویز اشرف

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی صنعت و پیداوار نے یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن بند کرنے کی مخالفت کرتے ہوئے آئندہ اجلاس میں وزیر خزانہ کو طلب کر لیا۔ سید حفیظ الدین کی زیر صدارت قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے صنعت و پیداوار کے اجلاس میں یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن کی بندش کے معاملے پر غور کیا گیا۔ پیپلز پارٹی کے اراکین نے یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن کی بندش کی تجویز کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ یوٹیلیٹی اسٹورز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

سوڈان میں تیل کمپنی کا طیارہ گر کر تباہ، 20 افراد ہلاک

طیارے میں سوار 21 میں سے صرف ایک شخص بچ پایا، سوڈانی پیٹرولیم حکام

خرطوم (این این آئی) جنوبی سوڈان میں طیارے کے حادثے میں 20 افراد ہلاک ہوگئے۔ غیر ملکی میڈیا نے بتایا کہ سوڈانی حکام کے مطابق طیارے میں سوار 21 میں سے صرف ایک شخص بچ پایا، طیارہ تیل کمپنی کے عملے کو لے کر جا رہا تھا، جو گر کر تباہ ہوگیا۔ سوڈان کے پیٹرولیم حکام نے کہا کہ یہ طیارہ یونٹی اسٹیٹ کے تیل کے کھیتوں کے قریب پرواز بھرنے کے تین منٹ بعد ہی گر کر تباہ ہو گیا۔ طیارے کا ہدف دارالحکومت جوبا پہنچنا تھا۔ حادثے میں ہلاک ہونے والوں میں 5 غیر ملکی شامل ہیں، جن میں دو چینی، ایک بھارتی اور دو یوگنڈا کے عملے کا رکن تھا، جبکہ باقی 15 افراد جنوبی سوڈان کے شہری تھے۔ حکام کا کہنا تھا کہ حادثے کی وجوہات تاحال معلوم نہیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)



لاہور: سی سی پی او لاہور صدیق کمیانہ زیر تربیت اے ایس پیز کے وفد کی رکن کو سویٹر دے رہے ہیں

نیشنل پولیس اکیڈمی کے 51 ویں کامن کے زیر تربیت اے ایس پیز کے وفد کا نیپال سٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز کا مطالعاتی دورہ

لاہور (این این آئی) نیشنل پولیس اکیڈمی کے 51 ویں کامن ٹریننگ پروگرام کے زیر تربیت اے ایس پیز کے وفد نے کیپٹل سٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز کا مطالعاتی دورہ کیا۔ تربیتی افسران میں خواتین سمیت 18 اے ایس پیز شامل تھے۔ وفد کو لاہور پولیس کی پیشہ ورانہ تربیت، کارکردگی، جرائم کی روک تھام اور دیگر ذمہ داریوں سے آگاہ کیا گیا۔ اے ایس پی ڈیفنس شہر بانو نقوی نے زیر تربیت افسران کو لاہور پولیس کے تنظیمی ڈھانچے سے متعلق بریفنگ دی۔ سی سی پی او لاہور بلال (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)

عمران خان کی رہائی سے ہی ملک میں سیاسی استحکام ممکن ہے، محمد حسین

بانی پی ٹی آئی پاکستانیوں کے دلوں میں بستے ہیں انہیں عوام کے دلوں سے کوئی نہیں نکال سکتا

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما محمد حسین نے کہا ہے کہ عمران خان کی رہائی سے ہی ملک میں سیاسی استحکام ممکن ہے، عمران خان کی رہائی تک جدوجہد جاری رکھیں گے، مشکل وقت میں اپنے قائد کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، بانی تحریک انصاف پاکستانیوں کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر کی پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات

آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین کے مسائل سنے، فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری کیے

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے سنٹرل پولیس آفس لاہور میں پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات کی۔ پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ کے مسائل سننے کے بعد فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق، مرحوم اے ایس آئی غلام مصطفیٰ کی بیوہ کی مالی امداد کی درخواست پر اے آئی جی ویلفیئر جبکہ ریٹائرڈ کانسٹیبل شوکت دین کی درخواست پر ایڈیشنل آئی جی ہیڈکوارٹرز کو ریلیف کی ہدایت کی۔ اسی طرح ایس آئی محمد اکرم اور ایس آئی غلام شبیر کی پروموشن کی درخواستوں پر ایڈیشنل آئی جی پنجاب کو ریلیف کی ہدایت کی۔ آئی جی پنجاب نے سب انسپکٹر ابرار حسین کی پروموشن کی درخواست پر ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ون کو ریلیف کی ہدایت کی۔ ہیڈ کانسٹیبل رضوان شہزاد اور شہید کانسٹیبل عمیر نذیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)



آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات میں درخواستوں پر ریلیف کے احکامات جاری کر رہے ہیں

قتل کے واقعات میں کمی لانا لاہور پولیس کا ہدف

ڈی آئی جی آپریشنز نے ہومی سائیڈ پری وینشن یونٹ تشکیل دیدیا، ایس ایس پی آپریشنز کی سربراہی میں اے ڈی آئی جی اور 6 انسپکٹرز یونٹ میں شامل

ہومی سائیڈ پری وینشن یونٹ قتل کے واقعات میں کمی میں اہم کردار ادا کرے گا، ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی گفتگو

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران نے قتل کے واقعات میں کمی لانے کیلئے ہومی سائیڈ پری وینشن یونٹ تشکیل دے دیا۔ ایس ایس پی آپریشنز کی سربراہی میں اے ڈی آئی جی اور 6 انسپکٹرز یونٹ میں کام کریں گے۔ ہومی سائیڈ پری وینشن یونٹ ڈیٹا کی بنیاد پر قتل کی وارداتوں میں کمی پر کام کرے گا۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ ہومی سائیڈ پری وینشن یونٹ سے قتل کی وجوہات، ہائی رسک افراد کی بروقت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

لاہور: سی سی پی او لاہور بلال کیمانہ زیر تربیت اے ایس پیز کے وفد کی رکن کو سویٹر دے رہے ہیں

پاکستان چین کے ترقیاتی ماڈل سے سیکھ سکتا ہے، قیصر احمد شیخ

چین نے ترقی کا ایسا ماڈل متعارف کرایا ہے جس میں پائیدار ترقی اور عوامی فلاح کو اولین ترجیح دی گئی ہے، تقریب سے خطاب

چین نے عوام کی زندگیوں میں بہتری لا کر امیر اور غریب کے درمیان فرق کو کم کیا: وفاقی وزیر برائے بحری اُمور، قیصر احمد شیخ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری اُمور، قیصر احمد شیخ نے چینی اسپرنگ فیسٹیول اور نیو ایئر تقریبات کے موقع پر چین کی اقتصادی اور سماجی ترقی کو ایک مثالی ماڈل قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ چین کی کامیابی سے پاکستان بہت کچھ سیکھ سکتا ہے۔ یہ تقریب چائنا میڈیا گروپ (CMG) کے زیر اہتمام منعقد کی گئی۔ وفاقی وزیر نے چین کے فلاحی نظام کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ چین نے عوام کی زندگیوں میں بہتری لا کر امیر او (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)



لاہور: صوبائی وزیر کھیل فیصل ایوب کھوکھر کیساتھ پنجاب اسٹیڈیم میں کھلاڑی فوٹو سیشن کروا رہے ہیں

مشرق وسطیٰ میں کنگ سلمان ریلیف کی امدادی سرگرمیاں جاری

یمن کے گورنریٹ میں 187 خاندانوں کو خوراک بھجوائی گئی، شاہ سلمان ریلیف سینٹر

ریاض (این این آئی) مملکت کے بین الاقوامی امدادی ادارے 'کے ایس ریلیف' نے مشرق وسطیٰ میں مشکل حالات میں گھرے ہوئے طبقات کی انسانی بنیادوں پر امداد کا سلسلہ جاری رکھا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ بات سعودی خبر رساں ادارے نے رپورٹ کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق یمن کے گورنریٹ میں 187 خاندانوں کو خوراک بھجوائی گئی۔ جس سے 1309 لوگ استفادہ کر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

شام کی نئی انتظامیہ کے ساتھ مکالمہ استوار کرنے پر کام جاری ہے، روس

اس حوالے سے روسی وفد کا نئی شامی انتظامیہ سے رابطہ اہمیت کا حامل ہے، کرملن ہاؤس

ماسکو (این این آئی) روسی صدارتی محل کرملن ہاؤس نے کہا ہے کہ ماسکو دمشق میں شام کی نئی انتظامیہ کے ساتھ مکالمہ استوار کرنے پر کام کر رہا ہے، ایسے وقت میں جب کہ روس وہاں اپنے دو فوجی اڈوں کا مستقبل محفوظ کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کرملن ہاس کے ترجمان دمتری پیسکوف کے مطابق شام کے نئے حکام کے ساتھ ماسکو کی بات چیت جاری ہے۔ انھوں نے واضح کیا کہ اس حوالے سے روسی وفد کا نئی شامی انتظامیہ سے رابطہ اہمیت کا حامل ہے۔ روسی وفد کے دمشق کے دورے پر تبصرہ کرتے ہوئے پیسکوف نے کہا کہ "یہ ایک اہم دورہ ہے اور رابطہ بھی اہم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)

باپ کے سامنے معمولی جھگڑے پر بیٹے کو قتل کرنے والا مفرور ملزم گرفتار

روپوش اشتہاری نے ایک سال قبل معمولی لڑائی جھگڑے پر اپنے ہم نام شہری کو قتل کر دیا تھا

اشتہاری صدام کو پولیس کی ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے گرفتار کر کے متعلقہ پولیس کے حوالے کر دیا

لاہور (این این آئی) معمولی جھگڑے کی وجہ سے باپ کے سامنے بیٹے کو قتل کرنے والا مفرور ملزم گرفتار کر لیا گیا۔ اسلام پورہ پولیس نے ایک کارروائی کرتے ہوئے باپ کی آنکھوں کے سامنے بیٹے کو قتل کرنے والا مفرور قاتل گرفتار کر لیا۔ روپوش اشتہاری نے ایک سال قبل ساتھیوں کے ہمراہ معمولی لڑائی جھگڑے کے تنازع پر اپنے ہم نام شہری کو قتل کر دیا تھا۔ ملزمان کے خلاف گجر پورہ میں قتل کا مقدمہ درج تھا۔ مفرور اشتہاری صدام کو پولیس کی ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے گرفتار کر کے متعلقہ پولیس کے حوالے کر دیا۔ ایس پی سٹی نے اسلام پورہ پولیس کی ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا ہے کہ سنگین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)



لاہور: باغ جناح میں سیر و تفریح کیلئے آنیوالا شہری محنت کش سے نمکو خرید رہا ہے

سعودی ویژن 2030 ایک جرات مندانہ منصوبہ ہے، بل کلنٹن

سعودی رہنما مملکت کی معیشت کو ترقی دینے کے لیے بڑے ویژن پر یقین رکھتے ہیں، گفتگو

ریاض (این این آئی) سابق امریکی صدر بل کلنٹن نے سعودی ویژن 2030 کو جدید دور کے جرات مندانہ ترقیاتی منصوبوں میں سے ایک قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ سعودی رہنما اس ویژن کے حصول کے سال تک ان منصوبوں کو حاصل کرنے کا زبردست جذبہ رکھتے ہیں۔ سعودی عرب نے انسانی سرمائے کی ترقی پر توجہ دی ہے، امریکی ٹی وی کے مطابق میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے نشاندہی کی کہ سعودی شہری اپنی لیڈروں کی جانب سے وفاداری والی حالت سے لطف اندوز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 56)

سی پی او فیصل آباد نے فیوڈ رجسٹریشن اور مانیٹرنگ سسٹم کے حوالے سے نئے احکامات جاری کر دیئے

مکوآنہ (این این آئی) سی پی او فیصل آباد نے فیوڈ رجسٹریشن اور مانیٹرنگ سسٹم کے حوالے سے نئے احکامات جاری کر دیئے۔ ترجمان طارق جٹ نے بتایا کہ سی پی او فیصل آباد ڈی آئی جی کامران عادل کی جانب سے فیوڈ رجسٹریشن اور مانیٹرنگ سسٹم کے حوالے سے حکمنامہ جاری کر دیا گیا ہے جس کے تحت متعلقہ پولیس افسران کو کہا گیا ہے کہ سابقہ/پرانی دشمنیوں، مذہبی اور گھناؤنے جرائم، لڑائی جھگڑا اور دیگر سنگین نوعیت کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 49)

فیصل آباد پولیس نے تہرے قتل کے 6 ملزمان گرفتار کر لئے

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد پولیس نے تہرے قتل کے 6 ملزمان گرفتار کر لئے۔ پولیس نے تھانہ صدر تاندلیانوالہ کی حدود میں دیرینہ دشمنی کی بنا پر سکھیرا برادری کے 3 بھائیوں کو حوالات تھانہ میں قتل کرنے والے 6 ملزمان زہرے خاں، عبد القادر، ضیا، امیر علی، ناصر اور ریاض کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان نے بتایا کہ سی پی او کامران عادل نے ایس ایس پی انویسٹی گیشن کی سربراہی میں ایس پی صدر ڈویژن کی زیر نگرانی ملزمان کی گرفتاری کیلئے سپیشل ٹیمیں تشکیل دی تھیں۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

اردو کے عظیم شاعر سیماب اکبر آبادی کا 74 واں یوم وفات (آج) منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) اردو کے عظیم شاعر سیماب اکبر آبادی کا 74 واں یوم وفات (آج) 31 جنوری جمعہ کو منایا جائے گا۔ سیماب اردو کے نامور اور قادرالکلام شاعر تھے۔ ان کا اصل نام عاشق حسین صدیقی تھا۔ سیماب آگرہ، اتر پردیش، میں پیدا ہوئے انہوں نے 1892ء سے شعر کہنا شروع کر دیا تھا اور 1898 میں مرزا خان داغ دہلوی کے شاگرد ہو گئے تھے۔ سیماب کا پہلا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 55)

پاکستان میں 90 فیصد سے زائد چھوٹے کاشتکار ہیں

چھوٹے کاشتکاروں تک جدید ٹیکنالوجی کو پہنچانا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے، ڈاکٹر محمد سرور خاں

مکوآنہ (این این آئی) زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد سرور خاں نے کہا کہ پاکستان میں 90 فیصد سے زائد چھوٹے کاشتکار ہیں لہٰذا خصوصاً چھوٹے کاشتکاروں تک جدید ٹیکنالوجی کو پہنچانا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے تاکہ پیداوار میں اضافے اور کسانوں کی معاشی حالت کو بہتر بنایا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ لاہور کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 53)

احمد الشرع کو شام میں عبوری صدر تعینات کر دیا گیا

امن برقرار رکھنا اور ریاستی اداروں کی تعمیر شام کی ترجیحات ہیں، احمد الشرع

دمشق (این این آئی) احمد الشرع کو شام میں عبوری دور کے صدر کے طور پر تعینات کر دیا گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ پیش رفت اس وقت سامنے آئی ہے جب اشام میں قومی مذاکراتی کانفرنس میں اقتدار کے خلا کو پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

شرائط کی کمی کی وجہ سے اگلے نوٹس تک ملتوی کر دی گئی ہے۔ شام میں نئی انتظامیہ کے کمانڈر انچیف احمد الشرع نے اس بات کی تصدیق کی کہ شام کی آج کی ترجیحات

اسرائیل کا امدادی سامان کی ترسیل میں التوا یرغمالیوں کی رہائی کو متاثر کرے گا، حماس

ہم نے اس سلسلے میں ثالث ملکوں سے رابطہ کر کے کہا ہے کہ وہ معاملے میں مداخلت کریں، سینئر عہدیدار

غزہ (این این آئی) فلسطین کی مزاحمتی تحریک حماس نے بدھ کے روز الزام لگایا ہے کہ اسرائیل جان بوجھ کر غزہ میں آنے والی امداد کے راستے میں رکاوٹیں پیدا کر رہا ہے۔ تاکہ امداد کے پہنچانے میں التوا آتا رہے۔ اسرائیل کی یہ کوششیں جنگ بندی معاہدے کو اپنے راستے سے ہٹانے کی کوشش ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس امر کا اظہار حماس کے دو رہنماؤں نے اسرائیل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)

سیکرٹری داخلہ نورالامین مینگل کا جوائنٹ چیک پوسٹ سخی سرور کا دورہ

چیک پوسٹ سخی سرور سے گزرنے والے تمام افراد کی بائیومیٹرک تصدیق اور گاڑیوں کی مکمل چیکنگ یقینی بنائی جائے

حکومت پنجاب امن و امان کے قیام کیلئے بین الصوبائی چیک پوسٹس پر تمام سہولیات فراہم کر رہی ہے، سیکرٹری داخلہ نورالامین مینگل

لاہور (این این آئی) سیکرٹری داخلہ پنجاب نورالامین مینگل نے جوائنٹ چیک پوسٹ سخی سرور اور دربار حضرت سخی سرورؒ کا دورہ کیا۔ سیکرٹری داخلہ نے سخی سرور چیک پوسٹ اور دربار پر سکیورٹی انتظامات دیکھے اور چیک پوسٹس پر تعینات عملے، اسلحہ ایمونیشن، دستیاب سہولیات اور چیکنگ کے طریقہ کار کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر سیکرٹری داخلہ پنجاب نے ہدایت کی کہ چیک پوسٹ سخی سرور سے گزرنے والے تمام افراد کی بائیومیٹرک تصدیق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم حجاب (کل) یکم فروری کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم حجاب یکم فروری کو منایا جائے گا۔ اس موقع پر فیصل آباد سمیت ملک بھر سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات منعقد کی جائیں گی جن میں حجاب کی اہمیت، افادیت پر تفصیلی روشنی ڈالی جائے گی جبکہ تمام بڑے شہروں میں خصوصی سیمینارز اور کانفرنسز کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔ پاکستان سمیت دنیا بھر کے مختلف ممالک میں مسلمان خواتین مختلف انداز میں پردے اور اپنے آپ کو ڈھانپنے کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 66)

ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے خاتون منشیات فروش کو قید و جرمانہ کی سزا سنا دی

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد اینٹی نارکوٹکس فورس کے سپیشل جج نے خاتون منشیات فروش کو قید و جرمانہ کی سزا کا حکم سنا دیا ہے۔ استغاثہ کے مطابق اے این ایف نے 7 جون 2023 کو مجرمہ کو گرفتار کر کے اسکے قبضہ سے 4 کلو چرس اور ڈیڑھ کلو آئس برآمد کی تھی۔ سپیشل جج اینٹی نارکوٹکس/ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج جاوید اقبال ہرل نے راولپنڈی کی رہائشی مجرمہ مسماۃ فری کو منشیات فروخت کرنے جرم میں 20 سال قید اور 10 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا ہے۔ عدم ادائیگی جرمانہ کی صورت میں مجرمہ کو ایک سال قید کی مزید سزا بھگتنا ہوگی۔

برقی مشینری اور آلات کی درآمدات میں جاری مالی سال کی پہلی ششماہی میں سالانہ بنیادوں پر 31 فیصد کا اضافہ ریکارڈ

مکوآنہ (این این آئی) برقی مشینری اور آلات کی درآمدات میں جاری مالی سال کی پہلی ششماہی میں سالانہ بنیادوں پر 31 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ ادارہ شماریات پاکستان کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال کی پہلی ششماہی میں برقی مشینری اور آلات کی درآمدات پر 1.492 ارب ڈالر زرمبادلہ خرچ ہوا جو گزشتہ مالی سال کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 68)

ملک بھر میں مغربی ہوائیں، آئندہ دو روز کے دوران لاہور میں بارش کی پیشگوئی

اسلام آباد اور گردونواح میں موسم سرد رہنے کا امکان، مری، گلیات میں ہلکی بارش متوقع

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں مغربی ہوائیں داخل ہوگئیں، محکمہ موسمیات نے آئندہ دو روز کے دوران لاہور میں بارش کی پیشگوئی کر دی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور میں یکم اور 2 فروری کو بارش کا امکان ہے جبکہ پہاڑی علاقوں میں برفباری متوقع ہے، آج سے 2 فروری تک لاہور سمیت پنجاب کے میدانی علاقوں میں سردی کی شدت برقرار رہے گی۔ موسم کا احوال (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)



لاہور: محنت کش انارکلی بازار میں برش اور کنگیاں فروخت کر رہا ہے

فلسطینی عوام کی بے دخلی اور جبری ہجرت ظلم ہے، مصری صدر

جبری ہجرت کو نظر انداز کرنا مصر کی قومی سلامتی پر اثر انداز ہو سکتا ہے، گفتگو

قاہرہ (این این آئی) مصری صدر عبدالفتاح السیسی نے کہا ہے کہ فلسطینی عوام کی بے دخلی اور جبری ہجرت ظلم ہے جس میں ہم شریک نہیں ہو سکتے۔ اس جبری ہجرت کو نظر انداز کرنا یا اس کی اجازت دینا ممکن ہی نہیں کیوں کہ یہ مصر کی قومی سلامتی پر اثر انداز ہو سکتی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مصری صدر کا یہ موقف قاہرہ میں کینیا کے صدر ولیم روٹو کے ساتھ ایک پریس کانفرنس میں سامنے آ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 67)

سندھ حکومت کا طلبہ کو دوپہر کا کھانا مفت دینے کا فیصلہ

**وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ اور ورلڈ فوڈ